Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 | ہفتہ، 5 ستمبر 2026ء، 22 ربیع الاول 1448ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 137

وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا چارٹر طیارے پر اسٹریٹ موومنٹ چلا رہا ہے

عظمیٰ بخاری

جس صوبے کے پاس تنخواہیں دینے اور گندم خریدنے کے پیسے نہیں مگر اس صوبے کا وزیراعلیٰ چارٹر طیارے پر سیر کر رہا ہے، جو جرم یہ خود کرتے ہیں، اس کا الزام دوسروں پر لگاتے ہیں

جن کو پنجاب کے جہاز کی تکلیف تھی، ان کا وزیراعلیٰ اب چارٹر طیاروں پر سیر سپاٹے کر رہا ہے، ان کا لیڈر بھی ساری عمر چور چور کی گردان کرتا رہا، خود سب سے بڑا چور نکلا، وزیر اطلاعات پنجاب

اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کے عہدے کے امیدوار سفیر اولارا اوٹونو کی وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات

لاہور (این ای این) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا چارٹر طیارے پر اسٹریٹ موومنٹ چلا رہا ہے لیکن جہاز کا شور مچانے والے یوٹیوبرز خاموش ہیں۔ وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا کہ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا چارٹر طیارے پر اسٹریٹ موومنٹ چلا رہا ہے، جہاز جہاز کے بین ڈالنے والے یوٹیوبر کہاں مر گئے ہیں؟ اس چارٹر طیارے کا خرچہ خیبر پختونخوا (بقیہ نمبر 1)

لاہور ہائیکورٹ کا فل کورٹ اجلاس (آج) ہوگا

چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس عالیہ نیلم اجلاس کی صدارت کریں گی

لاہور (افضال احمد خان) لاہور ہائیکورٹ کا فل کورٹ اجلاس آج (ہفتہ) کو ہوگا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس عالیہ نیلم اجلاس کی صدارت کریں گی۔ فل کورٹ اجلاس میں لاہور ہائیکورٹ کے تمام جج شرکت کریں گے، جبکہ علاقائی بنچوں میں فرائض انجام دینے والے جج بھی اجلاس میں شریک ہوں گے۔ اجلاس میں عدالت عالیہ میں زیر التوا مقدمات کے بروقت فیصلوں اور انصاف کی فراہمی کو مزید موثر بنانے کے لیے لائحہ عمل پر غور (بقیہ نمبر 9)

جو کام نہیں کر رہا اسے فوری فارغ کریں، وزیر صحت

پمز کے دورے پر پرائیویٹ روموں کی حالت دیکھ کر برہم، دیوار کی حالت خراب ہے اور اس کو آپ پینٹ کر رہے ہیں

اسلام آباد (آئی آئی پی) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے پمز کے کارڈیک سینٹر کا دورہ کیا اور مختلف روموں کا جائزہ لیا۔ مصطفیٰ کمال نے پمز میں الیکٹروفیزیالوجی کیتھ لیب کا دورہ کیا اور مریضوں کی مشکلات اور سہولتوں کے بارے میں (بقیہ نمبر 12)

شہریوں کو وجہ بتائے بغیر آف لوڈ کرنے پر اظہار برہمی

اسلام آباد ہائی کورٹ نے ایڈیشنل ڈائریکٹر ایف آئی اے کو ذاتی حیثیت میں طلب کر لیا

اسلام آباد: (اے ایف پی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے شہریوں کو وجہ بتائے بغیر آف لوڈ کرنے پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ایڈیشنل ڈائریکٹر ایف آئی اے کو ذاتی حیثیت میں طلب کر لیا۔ ملائیشیا جانے والے شہری کو وجہ (بقیہ نمبر 11)

لیبر قوانین پر عملدرآمد کیلئے انتظامی ڈھانچہ تبدیل کرنے کا فیصلہ

124 خالی کلریکل آسامیاں ختم کر کے ان کی جگہ فیلڈ اور تکنیکی نوعیت کی نئی آسامیاں قائم کی جائیں گی

لاہور (افضال احمد خان) پنجاب میں لیبر قوانین پر مؤثر عملدرآمد کیلئے محکمہ لیبر کے انتظامی ڈھانچے میں بڑی تبدیلی کی تیاری کر لی گئی ہے۔ دستاویزات کے مطابق محکمہ لیبر کی 124 خالی کلریکل آسامیاں ختم کر کے ان (بقیہ نمبر 10)

افغان طالبان حکومت دہشت گرد تنظیم کو افغان سرزمین استعمال کرنے سے روکنے میں ناکام رہی، آئی ایس پی آر

سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں فتنہ الخوارج کے 36 دہشتگرد ہلاک

آپریشن فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کی موجودگی کی اطلاع پر کیا گیا، پناہ گاہ کی نشاندہی، نگرانی اور بروقت کارروائی کے ذریعے دہشتگردوں کا صفایا کیا گیا

عزم استحکام کے وژن کے تحت سکیورٹی فورسز کی دہشتگردی کیخلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی، ملک سے دہشتگردی کے ناسور کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی

راولپنڈی (این این آئی) بلوچستان کے ضلع قلات میں سکیورٹی فورسز نے انٹیلی جنس بنیاد پر آپریشن کیا جس میں فتنہ الہندوستان کے 12 دہشتگرد ہلاک کر دیے گئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق آپریشن فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کی موجودگی کی مصدقہ اطلاع پر کیا گیا، پناہ گاہ کی نشاندہی، نگرانی اور بروقت کارروائی کے ذریعے دہشتگردوں کا صفایا کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق دہشتگردوں کے ٹھکانے سے برآمد اسلحہ اور گولہ بارود، آئی ای ڈیز بھی موقع پر تباہ کر دیے گئے، علاقے میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشتگردوں کے خاتمے کے لیے کلیئرنس آپریشن جاری ہے۔ آئی ایس پی آر کی جانب سے جاری بیان میں بتایا گیا کہ عزم استحکام کے وژن کے تحت سکیورٹی فورسز کی دہشتگردی کیخلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی، ملک سے دہشتگردی کے ناسور کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔ دوسری جانب وزیراعلیٰ بلوچستان کے معاون شاہد رند نے بتایا کہ بھاگ شہر میں دہشتگردوں کا حملہ ناکام بنا دیا گیا ہے، پولیس کی جوانمردانہ مزاحمت سے دہشتگرد پسپا ہو گئے، دہشتگردوں نے پولیس اسٹیشن، بینک اور اسسٹنٹ کمشنر آفس پر حملہ کیا تھا۔ شاہد رند نے کہا کہ تقریباً 40 دہشتگردوں (بقیہ نمبر 22)

سی ڈی اے کا فوری آپریشن اہم شاہراہیں صاف اور ٹریفک بحال

سینی ٹیشن ٹیموں کی رات بھر متحرک کارروائیاں، انڈر پاسز اور نشیبی علاقوں سے بروقت پانی و ملبہ ہٹا کر صبح کی آمدورفت ہموار بنا دی گئی

ریسکیو 1122، سی ڈی اے ہیلپ لائن 16 اور 1334 پر عملہ چوکس، فیلڈ آپریشنز بدستور جاری

اسلام آباد (این ای این) اسلام آباد میں شدید بارش کے بعد شہریوں نے کیپیٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) کی جانب سے بروقت اور مؤثر اقدامات کو سراہا ہے۔ بالخصوص سی ڈی اے سینیٹیشن ڈیپارٹمنٹ کی ٹیموں نے چند گھنٹوں کے اندر ہی اہم شاہراہوں سے بارش کے پانی کی فوری نکاسی یقینی بنائی، جس سے شہریوں کو ریلیف ملا اور ٹریفک کی روانی معمول پر لانے میں مدد ملی۔ (بقیہ نمبر 8)

وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال، زرعی شعبے کے متعلقہ فریقین کے ساتھ منعقدہ گول میز کانفرنس کی صدارت کر رہے ہیں

1,400 گریجویٹ انجینئرز کیلئے اسکل ڈویلپمنٹ ٹریننگ شروع

1400 نئے گریجویٹ انجینئرز کو 50 ہزار روپے ماہانہ وظیفے کے ہمراہ 6 ماہ کی فیلڈ اور اسکل ڈویلپمنٹ ٹریننگ دی جائے گی

8 مختلف شہروں میں جاری اس ہاؤس جاب ماڈل میں NDU کا خصوصی پرسنالٹی ڈویلپمنٹ سرٹیفکیٹ کورس بھی شامل ہے

اسلام آباد (این ای این) پاکستان انجینئرنگ کونسل (پی ای سی) نے گریجویٹ انجینئر ٹرینی (GET) پلیسمنٹ پروگرام کے دوسرے کوہورٹ (فیز :II- گریجویٹس آف 2025) کے تحت ایک ماہ پر مشتمل اسکل ڈویلپمنٹ ٹریننگ کا آغاز کر دیا ہے۔ نوجوان انجینئرز کے لیے ہاؤس جاب پروگرام کی طرز پر شروع کیے گئے اس پروگرام کے تحت دوسرے مرحلے میں مجموعی طور پر 1,400 ٹرینی انجینئرز کو تربیت دی جائے گی۔ پہلے 700 انجینئرز کی ٹریننگ یکم ستمبر 2026 تک جاری رہے گی جبکہ مزید 700 انجینئرز یکم ستمبر 2026 سے 31 اکتوبر 2026 تک ٹریننگ حاصل کریں گے۔ پی ای سی ملک بھر میں 60 سے زائد انڈسٹریل پارٹنرز کے تعاون سے (بقیہ نمبر 2)

پی ای سی کا ملک بھر میں 1400 گریجویٹ انجینئرز کے لئے اسکل ڈویلپمنٹ ٹریننگ کا آغاز کے موقع پر گروپ فوٹو

6,500 ایکڑ گرین ایریاز کی بحالی و بہتری کا منصوبہ

ہارٹیکلچر اور بیوٹیفکیشن میں روایتی طریقوں کی جگہ جدید مشینی نظام متعارف کرانے کی تجویز

20 ہارٹیکلچر ایجنسیز کے زیر انتظام گرین ایریاز، نرسریوں کے معیار میں بہتری ناگزیر ہے، وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر صوبے کے 20 اضلاع میں 6,500 ایکڑ گرین ایریاز کو مزید بہتر اور خوبصورت بنانے کی تیاریاں شروع کر دی گئی ہیں۔ اس حوالے سے صوبائی وزیر ہاؤسنگ و اربن ڈویلپمنٹ بلال یاسین کی زیر صدارت ہارٹیکلچر ایجنسیز کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس ہوا۔ سیکرٹری ہاؤسنگ نورالامین مینگل اور ڈی جی پی ایچ اے احمد عثمان جاوید نے ہارٹیکلچر ایجنسیز کے امور بارے تفصیلی بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر بلال یاسین نے کہا کہ 20 ہارٹیکلچر ایجنسیز کے پاس مجموعی طور پر 6,500 ایکڑ گرین ایریا (بقیہ نمبر 13)

کیوی فروٹ کی پیداوار، چین پاکستان کو فنی معاونت فراہم کرے گا

چین کی کیوی فروٹ ٹیکنالوجی سے پاکستان فائدہ اٹھا سکتا ہے، ماہرین

چینگدو (این این آئی) چین کے شہر چینگدو میں کیوی فروٹ کی پیداوار سے متعلق بین الاقوامی تربیتی ورکشاپ اختتام پذیر ہو گئی، جس میں پاکستان، مصر، نیپال (بقیہ نمبر 23)

لاہور: وزیر ہاؤسنگ پنجاب بلال یاسین کو سیکرٹری ہاؤسنگ نورالامین مینگل اور ڈی جی پی ایچ اے ہارٹی کلچر ایجنسیز کی کارکردگی بارے پر بریفنگ دے رہے ہیں

بختاور بھٹو زرداری بچوں اور شوہر کے ہمراہ لندن پہنچ گئیں

لندن (این این آئی) صدر آصف علی زرداری کی بیٹی بختاور بھٹو زرداری اپنے بچوں اور شوہر محمود چودھری کے ہمراہ لندن پہنچ گئیں۔ بختاور اپنے والد صدر آصف علی زرداری کے ساتھ تقریباً ایک ہفتہ قیام کریں گی۔ ادھر (بقیہ نمبر 14)

وزیراعلیٰ مریم نواز نجی دورے پر (آج) لندن پہنچیں گی

مریم نواز شریف اپنی بیٹی کی گریجوایشن تقریب میں شرکت کریں گی

لندن (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نجی دورے پر (آج) ہفتہ کو لندن پہنچیں گی۔ نجی ٹی وی نے ذرائع کے حوالے سے بتایا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز لندن کا تین روزہ نجی دورہ کریں گی، مریم نواز اپنی بیٹی کی گریجوایشن تقریب میں شرکت کریں گی۔ ذرائع کے مطابق مریم نواز دورہ لندن کے دوران کوئی سیاسی ملاقات نہیں کریں گی جبکہ وہ فیملی کی شادی کی تقریب میں بھی شرکت کریں گی۔

چکلالہ کینٹ میں تجاوزات مافیا کے خلاف گرینڈ آپریشن

کینٹ کی سڑکیں اور گزرگاہیں کلیئر، بائیس نمبر چونگی سمیت مختلف علاقوں میں غیر قانونی قبضوں کے خلاف سخت ایکشن

ایگزیکٹو آفیسر عارفین زبیر کی ہدایت پر انفورسمنٹ ٹیم متحرک، عوامی راستے واگزار، متعدد تجاوزات کا صفایا

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) چکلالہ کینٹونمنٹ بورڈ کی حدود میں تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن کے دوران بائیس نمبر چونگی سمیت مختلف علاقوں میں قائم غیر قانونی تجاوزات کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے عوامی گزرگاہوں اور سرکاری اراضی کو واگزار کرا لیا گیا۔ آپریشن ایگزیکٹو آفیسر عارفین زبیر کی خصوصی ہدایات پر کیا گیا، جس کی نگرانی انفورسمنٹ انچارج محمد اخلاق نے کی۔ کینٹونمنٹ (بقیہ نمبر 7)

چکلالہ کنٹونمنٹ بورڈ کی حدود میں تجاوزات کے خلاف آپریشن کیا جا رہا ہے

پہلے ہی 6 بچے ہیں مزید نہیں پال سکتی، ساتویں بچے کو نالے میں پھینکنے والی ماں گرفتار

مری (این این آئی) ملکہ کوہسار مری میں 2 ماہ کے بچے کو نالے میں پھینک کر قتل کرنے کے واقعہ کی تحقیقات میں اہم پیش رفت سامنے آ گئی۔ پولیس کے مطابق قتل کے تانے بانے بچے کی ماں سے مل رہے ہیں، ملزمہ پہلے چھ بچوں کی پرورش کر رہی تھی اور ساتویں بچے کی پرورش سے تنگ آ کر اس نے انتہائی قدم اٹھایا۔ ڈی پی او مری رضا تنویر سپرا کے مطابق دو ماہ کے بچے کو یکم ستمبر کو نالے میں پھینکا گیا (بقیہ نمبر 24)

گوادر سے کراچی، کوئٹہ فضائی کرایوں میں نمایاں کمی

گوادر، کوئٹہ فضائی کرایہ 10 ہزار روپیسز ائد، گوادر-کراچی 2 ہزار روپے سے زائد کم

گوادر (این این آئی) گوادر میں کاروباری سرگرمیوں اور فضائی آمدورفت کو فروغ دینے کیلئے پاکستانی ایئرلائنز نے شہر کے رہائشیوں کو بڑا ریلیف دیتے ہوئے گوادر سے کراچی اور کوئٹہ کے فضائی روٹس کے کرایوں میں نمایاں کمی کا اعلان کیا ہے اس اقدام (بقیہ نمبر 25)

ڈپٹی کمشنر مری کی زیر صدارت ضلعی پولیو ایرادیکیشن کمیٹی کا اجلاس

سی ای او ہیلتھ کی جانب سے ایس این آئی ڈی اہداف اور آپریشنل امور پر تفصیلات پیش، فیلڈ کی تیاریوں کا تفصیلی جائزہ

زیادہ سے زیادہ کوریج کے حصول اور پولیو مہم کو کامیاب بنانے کے لیے تمام محکموں کو مل کر کام کرنے کی ہدایت

مری (این ای این) ضلعی پولیو ایرادیکیشن کمیٹی کا اجلاس آج ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی زیر نگرانی ڈی سی آفس مری میں منعقد ہوا۔ تمام متعلقہ محکموں کے نمائندوں نے اجلاس میں فعال شرکت کی۔ سی ای او ہیلتھ اینڈ پاپولیشن ڈیپارٹمنٹ مری نے اجلاس کی صدارت کو آئندہ ایس این آئی ڈی کے اہداف، این اے کوریج، ایم ایم پی آبادی اور دیگر آپریشنل امور کے حوالے سے بریفنگ (بقیہ نمبر 3)

آزاد کشمیر حکومت کی نئی 8 رکنی کابینہ نے حلف اٹھا لیا

مظفر آباد (این این آئی) آزاد کشمیر حکومت کی نئی 8 رکنی کابینہ نے حلف اٹھا لیا ہے، وزرا سے قائم مقام صدر چوہدری طارق فاروق نے حلف لیا۔ تفصیلات کے مطابق 8 رکنی کابینہ میں مصطفیٰ بشیر، راجہ ثاقب مجید، سردار میرا کبر، کرنل (ر) وقار نور، اظہر (بقیہ نمبر 16)

بسنت، پتنگ سازی کے سامان کیلئے رجسٹریشن کا (آج) سے آغاز

صرف این او سی حاصل کرنے والے افراد ہی پتنگ بازی کا سامان تیار کر سکیں گے

لاہور (این این آئی) بسنت پورٹل 2027 پر پتنگ سازی کے سامان کی تیاری کیلئے رجسٹریشن کا عمل آج (ہفتہ) 5 ستمبر سے شروع ہوگا۔ لاہور میں پتنگ بازی کے سامان کی تیاری کے لیے اجازت نامہ اور این او سی لازمی قرار دیا گیا ہے، جبکہ صرف این او (بقیہ نمبر 15)

ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کے مسائل سن رہے ہیں

حج پیکیجز ڈیجیٹل پورٹل پر اپ لوڈ، پرائیویٹ حج سکیم کی بکنگ میں تیزی

اسلام آباد (این این آئی) وزارت مذہبی امور کی ہدایت پر بیشتر حج منظم کمپنیوں نے اپنے حج پیکیج ڈیجیٹل پورٹل پر اپ لوڈ کر دیئے، پاک حج ایپ اور حج پورٹل کے ذریعے پرائیویٹ حج سکیم کی بکنگ میں تیزی آ گئی۔ ترجمان وزارت مذہبی امور کے مطابق پرائیویٹ حج سکیم کے تحت 16 بنیادی حج پیکیج فائنل کیے (بقیہ نمبر 17)

کندھ کوٹ، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی کا شاندار استقبال

عمران خان کی رہائی کا مطالبہ 27 ستمبر کو اسلام آباد جانے کا اعلان

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) خیبر پختونخوا کے وزیراعلیٰ محمد سہیل آفریدی رحیم یار خان گڈو اور کشمور سے ہوتے ہوئے کندھ کوٹ پہنچے جہاں گولا موڑ کے مقام پر کارکنان اور حامیوں کی جانب سے ان کا شاندار استقبال کیا گیا وزیراعلیٰ کی آمد کے موقع پر کارکنان (بقیہ نمبر 21)

انسداد ڈینگی اقدامات کا جائزہ اجلاس، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کی سرویلنس تیز کرنے کی ہدایت

مون سون کے بعد زیر تعمیر عمارتوں، قبرستانوں اور کباڑ خانوں کی سخت نگرانی کا حکم، ایس او پیز کی خلاف ورزی پر قانونی کارروائی کی تنبیہ

تمام متعلقہ محکموں کو باہمی رابطہ مضبوط بنانے کی تاکید، افسران کو روزانہ رپورٹ پیش کرنے اور شہریوں کو پانی جمع نہ ہونے دینے کی ہدایت

راولپنڈی (این ای این) ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کی ہدایات کی روشنی میں انسداد ڈینگی اقدامات کا جائزہ لینے کے لیے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر انفورسمنٹ عبدالرحمٰن خان نے کی۔ اجلاس میں محکمہ صحت، ضلعی انتظامیہ، میونسپل اداروں اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ضلع بھر میں ڈینگی کی موجودہ صورتحال، ان ڈور اور آؤٹ (بقیہ نمبر 6)

ملک محبوب تاجر یونٹی گروپ کا مندرہ میں شاندار پاور شو

گوجر خان و کلر سیداں کے RCCI ممبران کی بھرپور حمایت کا اعلان

گوجر خان (قمر شہزاد) راولپنڈی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (RCCI) کے انتخابات کے سلسلے میں ملک محبوب تاجر یونٹی گروپ کے زیر اہتمام گوجر خان اور کلر سیداں تحصیل سے تعلق رکھنے والے RCCI ممبران کا شاندار پاور شو مندرہ کے انور ریسٹورنٹ (بقیہ نمبر 20)

لاہور: ایگزیکٹو ڈائریکٹر لاہور آرٹس کونسل محمد نواز کونڈل اور ہیڈ الخوارزمی انسٹی ٹیوٹ کمپیوٹر سائنس یو ای ٹی ڈاکٹر شہزاد آصف ایم یو کی دستاویزات کی تبادلہ کر رہے ہیں

پنجاب پولیس کے کرپٹ ڈی ایس پیز کے خلاف گھیرا تنگ

لاہور (این این آئی) پنجاب پولیس کے کرپٹ ڈی ایس پیز کے خلاف گھیرا تنگ کر دیا گیا۔ ترجمان کے مطابق گزشتہ ایک ماہ کے دوران 20 ڈی ایس پیز کو کرپشن اور اختیارات کا ناجائز استعمال کرنے پر سزائیں سنا دی گئیں، 3 ڈی ایس (بقیہ نمبر 27)

کچھ ممالک نے مکہ دفاعی اتحاد میں شامل ہونے میں دلچسپی ظاہر کی ہے

مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ سے متعلق آئندہ اجلاس اکتوبر کے شروع میں ہوگا، خواجہ آصف

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ کچھ ممالک نے مکہ دفاعی اتحاد میں شامل ہونے میں دلچسپی ظاہر کی ہے، نئے ممبران کی شمولیت سے متعلق مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے سے متعلق کمیٹی کا آئندہ اجلاس اکتوبر کے آغاز میں ہوگا، مقام کا فیصلہ مشاورت سے کیا جائیگا تاہم ممکنہ طور پر اجلاس پاکستان میں ہو سکتا ہے فیصلہ قیادت کرے گی۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں صحافیوں سے گفتگو میں خواجہ آصف نے کہا کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ (بقیہ نمبر 26)

وزیراعلیٰ پنجاب کے احکامات پر جنگلات کے تحفظ کا عزم

ڈپٹی کنزرویٹر فارسٹ عامر امتیاز کا کرپشن اور غیر قانونی کٹائی کے خلاف زیرو ٹالرنس کا اعلان، چکوال فارسٹ ڈویژن میں محکمہ جنگلات کی فورس متحرک

ڈپٹی کنزرویٹر فارسٹ عامر امتیاز کی زیر قیادت قانون شکن عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کا فیصلہ

چکوال (خاور شہزاد) حال ہی میں مری سے ضلع چکوال میں تعینات ہونے والے ڈپٹی کنزرویٹر فارسٹ چکوال فارسٹ ڈویژن عامر امتیاز کی قیادت میں ضلع چکوال کی تمام تحصیلوں سے محکمہ جنگلات کی فورس کو کلر کہار میں طلب کر کے اہم اجلاس منعقد کیا گیا، جس میں جنگلات کے تحفظ، قانون پر مؤثر عملدرآمد اور محکمانہ شفافیت کے حوالے سے واضح پالیسی اور لائحہ عمل طے کیا گیا۔ ڈپٹی کنزرویٹر فارسٹ چکوال فارسٹ ڈویژن عامر امتیاز نے فورس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے احکامات کی روشنی میں محکمہ جنگلات کو مزید بااختیار اور مؤثر بنایا گیا ہے، قانون پر عملدرآمد ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، جبکہ جرمانوں اور سزاؤں (بقیہ نمبر 4)

چکوال، ڈپٹی کنزرویٹر فارسٹ عامر امتیاز اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

خاتون کی پھندہ لگی لاش برآمد، شوہر کیخلاف مقدمہ درج

بہن کی شادی 2 سال قبل تنویر سے ہوئی دبئی میں ملازمت کرتا تھا

راولپنڈی (این این آئی) اڈیالہ روڈ حبیب لائن راولپنڈی میں خاتون کی پھندہ لگی لاش گھر کے کمرے سے ملنے پر پولیس نے قتل کا مقدمہ درج کر لیا، ایف آئی آر مقتولہ کے بھائی کی مدعیت میں تھانہ صدر بیرونی میں درج کی گئی۔ تھانہ صدر بیرونی میں درج (بقیہ نمبر 19)

مختلف اضلاع میں 9 ایڈوانس ویٹرنری ہسپتال قائم کر دیئے گئے

الٹرا ساؤنڈ، ایکسرے کی سہولت، ایمرجنسی سروس بھی فراہم کی جائے گی

لاہور (این این آئی) پنجاب کے مختلف اضلاع میں 9 ایڈوانس ویٹرنری ہسپتال قائم کر دیئے گئے، ایڈوانس ویٹرنری ہسپتال چوبیس گھنٹے کھلے رہیں گے۔ ان ہسپتالوں میں جانوروں کے الٹرا ساؤنڈ اور ایکسرے کی سہولت بھی موجود ہو گی، ایڈوانس ویٹرنری (بقیہ نمبر 18)

ہزارہ صوبہ کا قیام وقت اہم ضرورت ہے، خاقان وحید خواجہ

صوبے کے قیام سے عوام کی محرومیاں دور ہوں گی اور ترقی کے نئے دروازے کھلیں گے، چیئرمین پاکستان عوامی قوت پارٹی

صوبہ ہزارہ کے قیام سے خطے میں خوشحالی اور انصاف قائم ہوگا، تقریب میں شریک مقررین کا اظہار خیال

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ اور راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہاسپٹل و راول فاؤنڈیشن کے چیئرمین خاقان وحید خواجہ نے کہا ہے کہ ہم ہزارہ صوبہ کی حمایت کرتے ہیں اور مطالبہ کرتے ہیں کہ ہزارہ کو جلد از جلد صوبے کا درجہ دیا جائے تاکہ وہاں کے عوام کی احساس محرومیاں ختم ہو سکیں۔ انہوں نے یہ بات راولپنڈی میں ہزارہ کمیونٹی اور تحریک صوبہ ہزارہ کی ایک خصوصی تقریب میں بحیثیت مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کہی۔ تحریک صوبہ ہزارہ کی یہ خصوصی تقریب راولپنڈی کے ایک مقامی ہوٹل میں ہوئی (بقیہ نمبر 5)

تحریک صوبہ ہزارہ کے راولپنڈی میں منعقدہ تقریب سے چیئرمین پاکستان عوامی قوت پارٹی خاقان وحید خواجہ اور دیگر مقررین خطاب کر رہے ہیں

روزنامہ عوامی للکار Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوام کی بے ساختہ للکار

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

تعلیمی نظام کا آئینہ

پنجاب بھر کے تعلیمی بورڈز کے نویں جماعت کے سالانہ امتحانات 2026ء کے نتائج ہمارے تعلیمی نظام کی مجموعی کارکردگی پر کئی سوالات اٹھا رہے ہیں۔ ان امتحانات میں لاہور بورڈ میں ناکامی کا تناسب 53 فیصد رہا۔ دیگر بورڈز کے نتائج میں بھی کم وبیش ایسی ہی صورتحال سامنے آئی ہے۔ لاہور بورڈ میں نجی اداروں کے امیدواروں کی کامیابی کی شرح تقریباً 71 فیصد رہی جبکہ سرکاری سکولوں کے صرف 39 فیصد طلبہ کامیاب ہو سکے۔ نویں جماعت بچوں کے تعلیمی سفر کا ایک اہم مرحلہ اور آگے کی تعلیم کی بنیاد ہے۔ اگر اس سطح پر ہی بچوں کی بنیاد کمزور رہ جائے تو ان کا آئندہ تعلیمی سفر متاثر ہونا فطری ہے۔

حکومت کو ان مایوس کن نتائج کے بعد یہ کھوج ضرور لگانی چاہیے کہ اصل خرابی کہاں ہے۔ کیا سرکاری سکولوں کو مطلوبہ تعلیمی وسائل اور سہولتیں میسر نہیں یا اساتذہ کی تربیت اور نگرانی کا نظام مؤثر نہیں؟ ان نتائج کا سب سے افسوسناک پہلو لاہور اور ملتان میں دو طلبہ کا امتحانی نتیجہ اچھا نہ آنے پر زندگیوں کا خاتمہ کرنا ہے۔ یہ واقعات ہمیں اپنے رویوں پر غور کرنے پر مجبور کرتے ہیں۔ والدین اور اساتذہ کو چاہیے کہ بچوں کو کم نمبروں یا ناکامی پر ڈانٹ ڈپٹ کرنے یا دوسروں سے موازنہ کرنے کے بجائے حوصلہ دیں اور انہیں سمجھائیں کہ امتحان میں ناکامی زندگی کا اختتام نہیں بلکہ اپنی غلطیوں اور کمزوریوں سے سیکھنے کا موقع ہے۔

عزم سے برتری تک: شاہینوں کا سفر

محمد عاصم صدیقی

تاریخ گواہ ہے کہ جارح قوتیں میدانِ جنگ میں فیصلہ کن شکست سے دوچار ہونے کے بعد اکثر تنازع کے پُرامن حل کی جانب رجوع کرنے پر مجبور ہو جاتی ہیں۔ دوسری جنگِ عظیم میں نازی جرمنی نے 1945 میں سقوطِ برلن کے بعد غیر مشروط ہتھیار ڈال دیئے، جبکہ 1982 میں جزائر فاک لینڈ پر حملہ کرنے والا ارجنٹائن بھی برطانیہ کے ہاتھوں فوجی شکست کے بعد جنگ بندی اور افواج کے انخلا پر آمادہ ہوا۔ مئی 2025 میں بھی بھارت کو ایسی ہی صورتِ حال کا سامنا کرنا پڑا، جب 6 اور 7 مئی کی درمیانی شب اور پھر 10 مئی کو فضائی معرکے میں بھارتی فضائیہ کو شدید نقصان اٹھانا پڑا۔ تاہم، میدانِ جنگ میں بھارتی عسکری قیادت کے لیے ناکامی کوئی نئی بات نہیں۔ 6 ستمبر 1965 بھی بھارتی عسکری قیادت کے لیے ایک ایسا ہی دن تھا، جب لاہور جمخانہ میں ظہرانے کی خواہش پاکستانی مسلح افواج کی بروقت اور بھرپور مزاحمت کے باعث ادھوری رہ گئی۔ سترہ روزہ جنگ کے دوران پاکستانی مسلح افواج نے غیر معمولی پیشہ ورانہ مہارت، جرات، ثابت قدمی اور قومی جذبے کا مظاہرہ کرتے ہوئے بھارتی جارحیت کا مؤثر مقابلہ کیا۔ اس معرکے میں بہادری، قربانی اور عزم وحوصلے کی بے شمار داستانیں رقم ہوئیں، جو آج بھی ہماری تاریخ کا روشن باب ہیں۔ 1965 کی جنگ نے ثابت کیا کہ مضبوط عزم، پیشہ ورانہ تیاری اور قومی یکجہتی سے سرشار افواج کسی بھی جارحیت کا مؤثر اور دلیرانہ مقابلہ کرنے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔ قیادت ایک خداداد صلاحیت ہے جو اللہ تعالیٰ اپنے بندوں میں سے چند منتخب افراد کو عطا فرماتا ہے۔ ایئر مارشل نور خان اور ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو بھی انہی بصیرت مند اور دوراندیش قائدین میں شامل ہیں، جنہوں نے بالترتیب 1965 اور 2025 کے تنازعات سے قبل بھارتی عزائم اور ممکنہ خطرات کا بروقت ادراک کیا۔ ایئر مارشل نور خان نے جولائی 1965 میں پاک فضائیہ کی کمان سنبھالی اور جنگ کے آغاز سے چند ہفتے قبل ہی انہوں نے صورتِ حال کی سنگینی کو بھانپتے ہوئے یکم ستمبر 1965 کو ریڈ الرٹ جاری کیا، جس سے پاک فضائیہ کو ممکنہ معرکے کے لیے بھرپور تیاری کا موقع ملا۔ 1965 کی جنگ میں پاک فضائیہ نے فیصلہ کن کردار ادا کرتے ہوئے نہ صرف پاکستانی فضائی حدود کا مؤثر دفاع کیا بلکہ بھارتی فضائیہ کو بھی نمایاں نقصان پہنچایا۔ 6 ستمبر کو نمبر 19 اسکواڈرن کا پٹھان کوٹ ہوائی اڈے پر کامیاب حملہ، 7 ستمبر کو اسکواڈرن لیڈر ایم ایم عالم کی جانب سے پانچ بھارتی طیاروں کو مار گرانا، اور ونگ کمانڈر زاہد بٹ کی قیادت میں سی 130- ہرکیولس کے ذریعے بی آر بی نہر کے ساتھ تعینات بھارتی توپ خانے کو مؤثر طور پر نشانہ بنانا، پاک فضائیہ کی غیر معمولی آپریشنل صلاحیت اور جرات مندانہ کارکردگی کی نمایاں مثالیں ہیں۔ مئی 2025 کے تنازع کے دوران بھارت کا طرزِ عمل ماضی سے مختلف نہیں تھا۔ پہلگام حملے کے محض تیس منٹ کے اندر پاکستان پر الزام عائد کرنا اس امر کی نشاندہی کرتا تھا کہ قابلِ اعتماد تحقیقات کے بجائے سیاسی مقاصد کے تحت خطے میں کشیدگی بڑھانے کی راہ اختیار کی گئی۔ پاک فضائیہ کی قیادت نے بھارتی عزائم کا بروقت ادراک کرتے ہوئے پوری فورس کو کسی بھی ممکنہ جارحیت کا مؤثر جواب دینے کے لیے ہائی الرٹ کر دیا۔ وسیع آپریشنل تیاری، جدید ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال اور کثیر الجہتی جنگی صلاحیتوں کے باعث پاک فضائیہ نے فضائی معرکے میں نمایاں برتری حاصل کی، جس کے اثرات عالمی سطح پر بھی نمایاں ہوئے۔ اس دوران پاک فضائیہ کے شاہینوں نے بھارتی فضائیہ کے 8 طیاروں اور 2 ایس 400- فضائی دفاعی نظاموں کو تباہ کرنے کے ساتھ ساتھ متعدد بھارتی عسکری اہداف کو کامیابی سے نشانہ بنایا۔ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے فضائی، سائبر، خلائی اور زمینی فضائی دفاع سمیت مختلف شعبوں کو یکجا کرتے ہوئے ایک مربوط جنگی حکمتِ عملی تشکیل دی، جس نے ایک مؤثر کل چین کو عملی شکل دی۔ اس مربوط نظام نے بھارتی فضائیہ کی جنگی صلاحیت کو شدید دھچکا پہنچایا اور اس کی عسکری حکمتِ عملی کو ناکام بنایا۔ 2021 میں چیف آف دی ایئر اسٹاف کا منصب سنبھالنے کے بعد ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کی قیادت میں پاک فضائیہ نے جدید صفِ اول کے لڑاکا طیاروں کو اپنے جنگی نظام میں شامل کیا، جن میں جے 10- سی اور جے ایف 17- تھنڈر بلاک تھری نمایاں ہیں، جبکہ نیکسٹ جنریشن کے جنگی پلیٹ فارمز کے حصول کی راہ بھی ہموار کی گئی۔ اسی تسلسل میں جدید جنگی ڈرونز، بشمول بائرا کتار اکینجی، بائرا کتار ٹی بی 2-، وِنگ لونگ ٹو، شاہپر تھری، لوئٹرنگ میونیشنز اور سوارم ڈرونز کو بھی شامل کیا گیا، جس سے میدانِ جنگ میں مؤثر، ہمہ جہت اور بیک وقت کارروائی کی صلاحیت مزید مستحکم ہوئی۔ تزویراتی شراکت داروں کے تعاون سے خلائی شعبے، سائبر آپریشنز اور زمینی فضائی دفاع کی آپریشنل صلاحیتوں کو بھی جدید خطوط پر استوار کیا گیا۔ اس جامع جدت طرازی کے نتائج نہ صرف گزشتہ ایک برس کے دوران بھارت اور دیگر عدم استحکام پیدا کرنے والی قوتوں کے خلاف آپریشنل میدان میں نمایاں ہوئے بلکہ دفاعی شعبے میں پاکستان کی بڑھتی ہوئی تجارتی کامیابیوں کی صورت میں بھی سامنے آئے ہیں۔ پاکستان نے دفاعی برآمدات کے دائرۂ کار کو بھی نمایاں طور پر وسعت دی ہے۔ جے ایف 17- تھنڈر اور سپر مشاق طیاروں کی دوست اور اتحادی ممالک کو برآمدات سمیت متعدد معاہدوں کے نتیجے میں دفاعی برآمدات کی آئندہ ترسیلات کا حجم تقریباً 10 ارب ڈالر تک پہنچ چکا ہے۔ یہ پیش رفت پاک فضائیہ کی جدت طرازی اور مقامی دفاعی صنعت کی بڑھتی ہوئی صلاحیتوں کا مظہر ہے۔ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کی دوراندیش قیادت میں پاکستان مقامی اور خود انحصار دفاعی صلاحیتوں کے فروغ پر بھرپور توجہ دے رہا ہے۔ نیشنل ایروسپیس سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پارکس اور پاکستان ایروناٹیکل کمپلیکس جدید جنگی ٹیکنالوجیز کی تحقیق، تیاری اور ترقی کے ذریعے مستقبل کی دفاعی ضروریات کو پورا کرنے میں مصروفِ عمل ہیں۔ جے ایف 17- تھنڈر بلاک تھری، جے 10- سی اور ایف 16- جیسے جدید جنگی طیاروں کے ساتھ ہائپر سونک ہتھیاروں، طویل فاصلے تک مار کرنے والے فضا سے فضا میزائلوں اور دقیق ہدف وار ہیڈز جیسی جدید جنگی صلاحیتیں پاک فضائیہ کی آپریشنل استعداد کو مزید تقویت دے رہی ہیں۔ ان صلاحیتوں میں اسٹیلتھ ٹیکنالوجی، سینسرز کے باہمی امتزاج اور مربوط نیٹ ورک پر مبنی آپریشنز کے امتزاج سے پاک فضائیہ 2030ء کی دہائی اور اس کے بعد مستقبل کی فضائی جنگ کے تقاضوں سے ہم آہنگ رہنے اور فضائی طاقت کے نئے معیارات متعین کرنے کے لیے تیار ہے۔ سائبر شعبوں میں پیش رفت اور پاک فضائیہ کی اسپیس کمانڈ کا قیام قومی دفاع کو مزید مضبوط اور مربوط بنا رہا ہے۔ گزشتہ 79 برسوں میں ایئر مارشل نور خان سے ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو تک، دوراندیش قیادت، پیشہ ورانہ مہارت اور مسلسل جدید کاری نے پاک فضائیہ کو جنوبی ایشیا کی ایک مؤثر فضائی قوت کے طور پر مستحکم کیا ہے۔ آج جدید ٹیکنالوجی، خود انحصاری اور مستقبل کی جنگی ضروریات سے ہم آہنگ صلاحیتوں کے ساتھ پاک فضائیہ قومی فضائی حدود کے دفاع اور فضائی برتری برقرار رکھنے کے لیے پوری طرح تیار ہے۔

''دورِ موجود میں سیّدوں کا مان ''فیلڈ مارشل سیّد عاصم منیر''

تحریر: سیّدہ نزہت ایوب کاظمی
شہر: اسلام آباد

اپنا روایتی انداز لئے ایک نئے کالم کے ساتھ اپنے باادب قاری کی خدمت میں حاضر ہوں۔ ربِ یکتا کی مہربانی سے اسلامی جمہوریہ پاکستان کی بڑھتی عزت وشان دیکھ کر واقعی قلبی سکون ملتا ہے۔ ربِ واحد نے ماشاءاللہ پاکستان کے محافظوں کو بہادری کی لگن کی فہم کی ہر وہ صلاحیت عطا کر رکھی ہے جس پر پوری پاکستانی قوم اور مسلم اُمہ کو فخر ہے۔ ہم باصلاحیت فوج کے لئے ربِ پنجتن کے ہر ساعت شکر گزار ہیں۔ بے شک ہم اس کی نعمتوں کا نہ تو شمار کر سکتے ہیں اور نہ ہی ہر نعمت کے شکر کا حق ادا کر سکتے ہیں۔ ہم خطا کاروں کو وہ نواز رہا ہے درگزر کر رہا ہے تو یہ اس کی شان ہے، ورنہ ہماری کوئی اوقات نہیں، عاجز ہی ہیں ناتواں ہیں۔ ہم سے گر کبھی کچھ چھین کے لے جائے وہ تک نہ چھڑا سکیں۔ وہی ہے جو اپنے بندے کے معاملات پر کڑی نظر رکھے ہوئے ہے۔ محترم قاری اپنے کالم کے موضوع کی طرف بڑھتے ہیں۔ بہت عرصے سے پاک فوج کی کاوشوں اور قربانیوں کو اور سالارِ فوج کی محنتوں کو دیکھتے ہوئے دل نے چاہا کیوں نہ ان وطن کے رکھوالوں کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے خدا کے دیئے علمی رزق کی برکتوں سے کچھ رقم کیا جائے۔ آگے بڑھنے سے پہلے اپنے قاری کی خدمت میں ایک بات عرض کرتی چلوں۔ میں نے کالم کا موضوع یہ کیوں رکھا جو ہے، دو دن قبل مجھے ایک ولاگ دیکھنے اور سننے کا موقع ملا، شخصیت کا نام تو یاد نہیں مگر لگ رہا تھا کہ پاکستان کے سینئر مذہبی سکالرز میں ان کا شمار ہوتا ہے اور لوگوں میں کافی پسند کئے جا رہے ہیں۔ موضوع تھے "سید" حضرت یہ واضح کر رہے تھے کہ دنیا میں بسنے والے سید حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نسل سے نہیں ہیں کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بیٹے بچپن میں ہی انتقال کر گئے تھے اور یہ سب آگاہ ہیں کہ بیٹی سے نسل نہیں چلا کرتی۔ حضرت مزید فرماتے ہوئے کہہ رہے تھے کہ یہ جو سید خود کو کہتے ہیں کہ ہم نبی ص کی اولاد ہیں نہیں بلکہ یہ جنابِ ابو طالب ع کی اولاد ہیں۔ موصوف نے سارا ولاگ ہی اسی وضاحت پر بنایا تھا۔

اس ولاگ پر لوگوں نے جلے کٹے دل کیساتھ بڑھ چڑھ کر اور عجیب وغریب اپنی اپنی رائے دی ہوئی تھی۔ وہ پروگرام سن کے دلی دکھ ہوا، اس کالم کے ذریعے سے میں ان حضرت کو کوئی جواب تو نہیں دے رہی کیونکہ میں کوئی مذہبی سکالر نہیں ہوں، ہاں پر ان کی باتوں کا جواب ماشاءاللہ سے پاکستان میں بہت سے ایسے دین کے خدمت کرنے والے مذہبی سکالرز موجود ہیں جو دیں گے ان شاءاللہ۔ اے میرے باادب قاری یہ ہمارے لئے اعزاز کی بات ہے کہ ہمارے آرمی چیف اور فیلڈ مارشل آلِ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اولادِ علی علیہ سلام ہیں۔ محترم قاری، میں خود ایک سید ہوں اس وجہ سے میں الحمدللہ سیدوں کے بارے میں ایک رائے ضرور دے سکنے کے اہل خود کو سمجھتی ہوں۔ یعنی اگر سید بد ہوگا تو اس کے شر کا مقابلہ کوئی کر نہیں سکے گا، اور اگر نیک ہوگا تو اس کا شمار اللہ کے ولیوں میں ہوگا۔ وہ چاہے کل کا سید تھا آج کا سید ہے یا آنے والے کل میں ہوگا۔ لہذا میں اکثر دعا کیا کرتی ہوں کہ یا اللہ سید ہو تو نیک ہو، دین کی بات کرنے والا قرآن کی، محمد وآلِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بات کرنے والا ہو، آمین اس دعا کے ساتھ ہم اپنے موضوع کا آغاز کرتے ہیں۔ میرا قاری جو میرے ساتھ میرے موضوعات میں محوِ سفر رہتا ہے وہ جانتا ہے کہ گزرگاہوں کے تذکرے میری تحریر کی ایک ادا ہے۔ دراصل جب میں کالم رقم کر رہی ہوتی ہوں جو جو ذہن میں آ رہا ہوتا ہے وہ پھر میں لکھے جاتی ہوں۔ محترم قاری میرے خیال میں انسان قید وبند پسند نہیں کرتا کیونکہ اللہ نے اسے آزاد پیدا فرمایا ہے۔ سالارِ فوج اور آپ کی پوری جماعت کے لئے نہایت خلوص اور عقیدت سے رقم کرتے ہوئے کہ!

جو دِلوں کو قرار بخشے، بخواں رسیدہ گلشن کو بہار بخشے۔ پلک پُرنم کی ڈوبتی آس ہو، جس کا رہبر غازی عباس ع ہو۔ جس کی تقریروں میں قُرآں بولتا ہو، جس کی دہشت سے عدو ڈھولتا ہو۔ جس کا صبر، حکمت، دانش وروح کربلائی ہو، جسے فطرت چُن کر بامِ عروج تک لائی ہو۔ جس کا ہر انداز حکیمانہ ہو، جس کی فطرت ظریفانہ ہو۔ جس کی جرأت کو بہادر سلام کریں۔ اپنی زندگی ہنس کے، اُس کے حکموں کے نام کریں۔ جو حیدرع کا بیٹا، حیدریؑ غلام ہو، فلک کے نیچے جس کا شہرہ عام ہو۔ آسمانوں پہ جس کے چرچے ہوں، دین کی بقا، وطن سے وفا جس کے خرچے ہوں۔ جو ہر طعنہ، تنقید سہتا ہو، اپنے عدو کو پلٹ کے کچھ نہ کہتا ہو۔ (دورِ موجود میں) جو "سیّدوں کا مان ہو" وطن کی محافظت میں سب سے اعلیٰ، بہادری کی شان ہو۔ جس کا ہر فیصلہ، جوش سے نہیں ہوش سے ہو، جو اللہ کی زمین پر امن کا امیں بنے، جو غموں میں، غمزدہ کی خوشی کا یقیں بنے۔ جو کہے، تیری، میری نگری میں بہاریں لا بسائے گا، جو جنگوں کا باعث بن رہے شر کو، بجز سے مٹائے گا۔ اور سب سے بڑھ کر جو خانہ کعبہ، روضہء رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حفاظت کے لئے پُرفکر ہو، دور پریشاں کے حالات پہ جس کے ماتھے کی ہر لکیر متفکر ہو۔ جس کے دشمن ہوں ہزار، جو ہو حیدریؑ تلوار۔ جس کی للکار سے عدو کے دِل دہلتے ہوں، جس سے آ، آ کے سفارتی لشکر ملتے ہوں۔ جو ہر ساعت، وطن کی عزتیں بڑھائے، ہر قدم بڑی فہم سے اُٹھائے۔ اپنے، پرائیوں سے دوستی کا ہاتھ ملائے، اتحاد کا درس دے، سبھی مسلمانوں کو یکجا کرے، ایک مقصد پہ لائے۔ یعنی بھائی چارے، امن، محبت کا، مشکل میں، ایک دوجے کی نُصرت کا۔ جن کا مقصد دِین کی بقا ہو، جن کی چاہ رَبّ کی رَضا ہو۔ جو باطل سے نہ ڈریں، گر سامنے آ جائے یہ، تو یکجا ہو کے لڑیں۔ ہر اتحاد پہ کیا ہر وعدہ وفا کریں، بنیں تو صِرف علمدارِ باوفا غازی عباسؑ کے نوکر بنیں، جو اپنے فیصلوں کو، قُرآنی حُکموں سے پرکھیں۔ پھر جو بھی اُس کے رُتبوں سے جلے، وہ سمجھو حسد کے رزق پہ پلے۔ اے مردِ مُسلم، مردِ مجاہد، غم نہ کر، حاسدوں کے جب تک دَم میں دَم ہیں، تُجھ کو بُرا کہیں گے، بہتان لگائیں گے، تُجھ سے لڑیں گے۔ تیرے حریف ہیں دراصل گھبراہٹ میں، یہ بہت کچھ کریں گے بوکھلاہٹ میں۔ تجھے نیتوں کا پھل ملے گا، یقیں رکھ، جس کے آج محافظ ہو، یہ چمن خزاؤں میں کھلے گا (ان شاء اللہ)، بے خار کی بیریوں کی قسم، یہ پھولے گا پھلے گا، جس کا باسی ہر دوسرے کو محبت سے ملے گا۔ تجھے کیا خبر، تو چل رہا ہے جس ڈگر۔ بخواں نہیں، ہر قدم بادِ صبا ہے، ستارے رستے، منزل کہکشائیں، تجھ پہ خُدا کی عطا ہے۔ ''وہ'' دیکھتا ہے، تیرے ولولے، جستجو، جذبے، جنوں۔ جو سچ کہوں، تیرا بد نسلوں سے واسطہ ہے، تُو سر تا پیر، خودی ہی خودی، حق ہی تیرا راستہ ہے۔ اور یہ شَر کے ساتھی، حق سے گریزاں ہیں، بہکے، بہکے اِن کے قدم، زندگی سے پریشاں ہیں، بہاروں سے رہتے ہیں دور، دِل اِن کے ویراں ہیں۔ یہ بیمار اذہانوں والے جھوٹ اِن کے عملوں سے عُریاں ہیں۔ یہ فسادی، کئی روپ رکھتے ہیں، کہتے ہیں خود کو کامل، پر ان کی ہر راہ باطل، کیسے کر سکتے ہیں اپنے مقاصد حاصل۔ یہ اپنے ارادوں کے کچے، وعدے بھی اِن کے کہاں پکے۔ اداؤں کے دِل رُبا، نہیں اِن میں آئینِ وفا۔ یہ تو یہ، دَغا باز اِن کے آباء۔ یہ کیا جانیں انسانیت کیا ہے، دِین کیا۔ یہ خاک پر اپنے رُخسار کہاں رکھتے ہیں، یہ فسادی اِن کا محنتوں سے کیا کام، پر طبیعت میں حیلے بہانے ہزار رکھتے ہیں۔ یہ کہتے ہیں کہ یہ نہیّہ پار لگا دیں گے، مگر ٹوٹی اِن کی پتوار اور چھید بھرا بادباں، جنگوں میں رزق بنے اِن کا جسم نہیں ہر گِز نہیں، (بھگوڑے) خود کو کہنے والے محافظِ باغباں، یہ کبھی اُترے ہی نہیں کار زارِ میداں۔ اور کہتے ہیں کہ انسانیت کی بقا اِن سے، دوسرا تو ہے ہی نہیں، یہی ہیں انساں۔ (مطلبی) کہتے ہیں کہ ہم قابلیتوں میں بھر پور، ہمارے عقل کے خزانے معمور، اپنے ہی زعم میں نادان، کہتے ہیں ہم سا نہیں کوئی باشعور۔ ہم پہ ہی ساری کی ساری عنایات کرو، اوروں کو چھوڑو، صرف ہماری ہی مدارات کرو۔ قوم پرستی، فرقوں کا فتنہ لانے والے، کہتے ہیں ہر بات میں ہماری ہی بات کرو، ہماری تعریف دِن رات کرو۔ تمہارے صحراؤں کو ہی سیراب کریں گے، دنیا میں تُم کو نایاب کریں گے، بس اِن کی نری باتیں ہی باتیں ہیں اور خام خیالی، اِن کو تو چاہئے اِک دنیا چاہنے والی۔ سُنو! تیرا دشمن، تیرے ہوتے، تیرے بعد تُجھ پہ تہمتوں کی کتاب لکھے گا، کہاں گُلاب، اقوامو ں پر تجھے عذاب لکھے گا، تجھے تپ تپ نصاب لکھے گا، ہائے بات یہاں تک ہی کہاں رُکے گی، یہ تیری داستاں میں تجھے ظالم بے حساب لکھے گا، ایسا کر کسی طبیعت، تجھے گِدھ، خود کو عقاب لکھے گا۔ ابھی اور سنو، اس کام میں، یہ جھوٹے مفسروں کو خرید کرے گا، سونے کی اشرفیوں سے اُن کی جیبیں بھرے گا، یہ حقائق وواقعات کی جھوٹی تفسیر کرے گا، ان کارناموں، جاہ وجلال کو لکیر کو فقیر کرے گا، ہاں، ہاں یہ تو کچھ بھی نہیں، بہت کچھ تحریر کرے گا۔ مؤرخ بھی اِس کے اپنے، گواہان بھی، سمجھے گا ساری زمین اُس کی، اس پہ بسنے والا ہر انسان بھی، اُسی کا آسمان بھی۔ یہ سوچیں جدید رکھے گا، مَن میں اپنے یزید رکھے گا۔ اے بہادروں کے باشعور سالار! غم نہ کر! تُو حق پہ چلتا جا، حق ہی تیری منزل، تیری راہ۔ تُو حق کا پُجاری، باطل پہ لگائے ضرب کاری، اپنے حریف کی باتوں کو ہوا میں اُڑا، بحر و بَر میں اِک طوفاں اُٹھا، گونج اُٹھیں مسجد ومندر، چرچ، کلیسا حق کی ایسی اذان سُنا۔ ساتھ چلنے کو مُسلم اُمہ ہے مُنتظر تُو قدم بڑھا، فِکر کا ہے کی، ہر ڈگر تیرے ساتھ ہے ایک مسیحا۔ تُو سینے کو اپنے کُشادہ رکھ، مضبوط اپنا ارادہ رکھ، رستے میں آئیں صحرا، دشت جنگل، دریا، سمندر، پہاڑ آئیں یا پھر لالہ زار، بس دامنِ کرار کو چھوڑنا نہیں منہ کو اپنے موڑنا نہیں، اپنوں سے کئے وعدوں کو توڑنا نہیں، اور رُکے نا تیرا کارواں، اپنی ہمتوں کو ہر پل رکھنا جواں، چاہے ملتے رہیں بے مروّت نکتہ چین وناداں۔ تُم فوج کے سالار ہو، بلا کے شہسوار ہو، نہ پیچھے مُڑ کے دیکھنا، نہ میدان چھوڑنا کہ تیرا باپ غیرِ فرار ہے، صراطِ مُستقیم حق کی یلغار ہے، اللہ کی تلوار، ہاتھ میں جس کے ذوالفقار، شوہرِ بتولؑ، دامادِ رسول، حُسنینؑ کے پدر، نبیؐ کے جانِ جگر، حیدر کرارؑ ہے ہاں یہ غیرِ فرار ہے۔ اپنے فرائض سے غفلت نہ کرنا، شَر سے محبت نہ کرنا۔ سدا یاد رکھنا! ہر آنکھ، تیری کامیابی پہ حیران ہوئی، فضاؤں کا پادشا تیری پہچان ہوئی۔ وقت کے گُنبد میں گونج رہا تیرا ہی آوازہ، بکھرنے نہ دیا تُو نے اپنی جماعت کا شیرازہ۔ باطل کے سودائی حق سے نا آشنا وں کو کیا نہیں یہ خبر، تیری گُفتار سے اَمن کے آثار ملتے ہیں۔ جہاں چھوڑ دے ساتھ سایہ وہیں تیری طاقتوں کے در و دیوار ملتے ہیں۔ تُم ہو اِتنے مہرباں، جیسے تپتے صحراؤں کی کوئی ٹھنڈی سی چھاں۔ تُم ہو اِتنے غنی، دشمن بھی مُشکل میں پُکارے تو سہی، پھر کوئی تجھے مانے یا نہ مانے، طوفانی موجوں سے بھی بچا لیتے ہو، اِس کا کچھ بھی نہیں صِلا لیتے، گِرے ہوؤں کو اُٹھا لیتے ہو۔ اے خوش بخت! دُعا ہے، تجھے مخلص احباب ملیں، اللہ کی رَضا پہ شادمان رہے، تیرے مَن کے گُلشن میں خودی کے پھول کھلیں، زیستِ ناپائیدار میں خودی کے بیج بو، گُنبدِ فلک میں تیری اچھائی کا چرچا ہو۔ دردمند طرزِ کلام رکھنا، حق کی تبلیغ اپنا پیغام رکھنا، بلندیء افکار میں اونچا مقام رکھنا، فتنے، فساد، شَر جا بجا ہیں پھیلے، اِن کے لئے درشت لہجہ ونظام رکھنا، ستاروں پر نظر، کہکشاں پہ قیام رکھنا۔ چھوڑ دینا وہ راہ، وہ مقام جو عشقِ مجاز ہو، صرف عشقِ حقیقی کو خود کے نام رکھنا۔ یاد رکھ! آلِ نبیؐ اولادِ علیؑ ہو، سچ سننا، سچ کہنا، سچ کو دوام رکھنا، سچ کہیں دَب نہ جائے جھوٹ کے شور میں، سچ کی تلاش ہی اپنا مقصد، اپنا کام رکھنا۔ شکست سے کبھی آشنا نہ ہو، مر کر بھی کبھی فنا نہ ہو، تیری کوشش، جستجو تیرا عشق، تیرا جنوں، اور کیا کہوں، ہاں دِل یہ کہے کہ تُو آبِ رواں کی طرح بہے، بہت دور تک، بڑی دیر تلک، جب تک کہ حشر کا میدان بپا نہ ہو، اور یہ آبِ رواں امن کی کھیتیاں سیراب کرے سلسلہ در سلسلہ، دعا ہے! اور یہ تسلسل نہ ٹوٹے۔ میں رَبِّ پنجتن کی بارگاہ میں، دُکھی دِل، ٹوٹی آہ میں، جبکہ شب پیری کی اور بڑھ رہی ہے، دعا کی قبولیت کے لئے، اُس کی اُن منتخب کامیابی پہ حیران ہوئی، فضاؤں کا پادشا تیری پہچان ہوئی۔ وقت کے گُنبد میں گونج رہا تیرا ہی آوازہ، بکھرنے نہ دیا تُو نے اپنی جماعت کا شیرازہ۔ باطل کے سودائی حق سے نا آشنا وں کو کیا نہیں یہ خبر، تیری گُفتار سے اَمن کے آثار ملتے ہیں۔ جہاں چھوڑ دے ساتھ سایہ وہیں تیری طاقتوں کے در و دیوار ملتے ہیں۔ تُم ہو اِتنے مہرباں، جیسے تپتے صحراؤں کی کوئی ٹھنڈی سی چھاں۔ تُم ہو اِتنے غنی، دشمن بھی مُشکل میں پُکارے تو سہی، پھر کوئی تجھے مانے یا نہ مانے، طوفانی موجوں

TENDER NOTICE DISTRICT COUNCIL JHELUM

District Council Jhelum Invites sealed bids through Punjab E-procurement (https://ep.punjab.gov.pk) from contractors who have registered on Punjab E-PADS for the year 2026-27@ MRS 2nd Bi Annual 2026, from 1st July 2026 to 31th Dec 2026 District Jhelum

The Bidding shall be conducted in line with **"Single Stage Single Envelope"** procedure of the Punjab Procurement Rules 2014 and is open to all eligible bidders. Bids must be accompanied by a bid security of required amount through Punjab E-PADS (https://ep.punjab.gov.pk).

1. Separate Bidding Document containing detailed terms & conditions of the bidding process of respective activity can be downloaded from https://ep.punjab.gov.pk free of cost.
2. The bid(s) prepared in accordance with the instructions mentioned in the respective procurement activity's Bidding Document, must be submitted through Punjab E-procurement at https://ep.punjab.gov.pk by or before **10:00 A.M** hours PST on the closing date **(24-09-2026)** for respective procurement activity mentioned above. The bids will be opened at **02:30 P.M** hours PST through E-PADS on same day for respective procurement activity in the presence of bidders or their representatives who shall choose to attend the bids' opening session to be held in office of the District Council Jhelum.
3. a. Bidder will have to submit the of Bid security on Punjab E-procurement (https://ep.punjab.gov.pk). CDRs will be refunded after completion of evaluation process.
4. a. As per Punjab Local Government (Works) Rules 2017, in case the rates of the lowest bid are equal to or less than 5% of the estimated cost, the lowest bidder shall be bound to deposit additional performance security from a schedule bank through Punjab E-procurement from 5% to 10% (including CDR deposited at the time of tendering) within 15 days of issuance of notice.
   b. The additional performance security shall be refunded after issuance of completion certificate by the incharge of Engineering Branch.
5. The quoted rates in the bids must be item wise and clearly readable. Furthermore, incomplete, Ambiguous and unfilled bids would not be entertained and considered as rejected.
6. The Competent Authority may reject all bids at any time prior to the approval / acceptance of the Tender rates under PPRA Rules-2014, Chapter VI, Clause-35.
7. When Acceptance letter is issued to the successful contractor, he has to make the agreement with department on stamp paper of value specified by Government within seven days for issuance of Work Order.
8. Bidding document is also available on PPRA Punjab website.
9. In case of submission of any fake or forge document, the Contractor/ Firm would be disqualified / blacklisted.
10. **Non-responsive, Non Readable, Non Signed & Non Stamped** bids shall be rejected.
11. The URL of the website of the PPRA is (http://ppra.punjab.gov.pk/View Tender.aspx) and response time shall be calculated exclusively from the date of publication of the advertisement on the website of the PPRA.

Sr#	Title of Scheme	Estimated Cost (in Million)	Bid Security	TS No
1	Construction street & Drain Ghaziot Tehsil Sohawa District Jhelum	14.017	700,850/-	MOI/MCR dated 01.09/2026
2	Construction of Main street & Nullah Saroba Tehsil PD Khan District Jhelum	19.436	971,800/-	MOI/MCR dated 01/09/2026

By the order of the Administrator

Chief Officer District Council Jhelum

IPL-9278

ڈی کوک نے ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں کوہلی اور وارنر کا ریکارڈ برابر کر دیا

ان کی اننگز میں 11 چوکے اور 6 چھکے شامل تھے، اسٹرائیک ریٹ 185.96 رہا

جوہانسبرگ (این این آئی) جنوبی افریقا کے جارح مزاج بیٹر کوئنٹن ڈی کوک ٹی ٹوئنٹی فارمیٹ میں 10 سنچریاں بنانے والے دنیا کے پانچویں بیٹر بن گئے ہیں۔ ڈی کوک نے کیریبین پریمیئر لیگ میں بارباڈوس ٹرائیڈنٹس کی نمائندگی کرتے ہوئے سینٹ کٹس اینڈ نیوس پیٹریاٹس کے خلاف دھواں دار اننگز کھیلی اور صرف 57 گیندوں پر 106 رنز بنائے۔ ان کی اننگز میں 11 چوکے اور 6 چھکے شامل تھے جبکہ اسٹرائیک ریٹ 185.96 رہا۔ اس کارنامے کے بعد ڈی کوک بھارت کے ویرات کوہلی اور آسٹریلیا کے ڈیوڈ وارنر کے برابر آ گئے ہیں جنہوں نے ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں 10، 10 سنچریاں بنا رکھی ہیں 0--، اس فہرست میں ویسٹ انڈیز کے کرس گیل 22 سنچریوں کے ساتھ سرفہرست ہیں۔

ارشد ندیم کے پاس گولڈ میڈل جیتنے کا سنہری موقع

نیرج چوپڑا اتھلیٹکس کی انجری کی وجہ سے ورلڈ اتھلیٹکس چیمپئن شپ اور ایشین گیمز سے باہر

اسلام آباد (این این آئی) اولمپک گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم

بقیہ 1

کے عوام کو کتنے میں پڑے گا۔ انہوں نے کہا کہ جس صوبے کے پاس تنخواہیں دینے اور گندم خریدنے کے پیسے نہیں مگر اس صوبے کا وزیراعلیٰ چارٹر طیارے پر سیر کر رہا ہے، کیا چارٹر طیارے کا خرچہ مڈل کلاس وزیراعلیٰ خود برداشت کرے گا۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ چارٹر طیارے پر مڈل کلاس وزیراعلیٰ کے ہمراہ ویڈیو بھی ہیں، جن کو پنجاب کے جہاز کی تکلیف تھی، ان کا وزیراعلیٰ اب چارٹر طیاروں پر سیر سپاٹے کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جو جرم یہ خود کرتے ہیں، اس کا الزام دوسروں پر لگاتے ہیں، ان کا لیڈر بھی ساری عمر چور چور کی گردان کرتا رہا، خود سب سے بڑا چور نکلا، بدقسمتی ہے، ان کو کون سا ٹائٹل دیا جائے ؟۔ وزیراطلاعات پنجاب نے کہا کہ خیبرپختونخوا کی حکومت کو چارٹر طیارے کے مسافروں کی لسٹ، رقم کی ادائیگی اور ٹریکنگ ڈیٹا جاری کرنا چاہیے، جو فلائٹ نمبر اور بورڈ کارڈ دکھایا جا رہا ہے، وہ فلائٹ اسلام آباد سے بہاولپور جاتی ہے، جس فلائٹ میں انہوں نے سفر کیا وہ رحیم یار خان گئی، مطلب وہ چارٹر فلائٹ ہے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ اب زبانی جمع خرچ نہیں چلے گا، رسیدیں کدھر سیدھاں۔

بقیہ 2

GET پلیسمنٹ پروگرام پر عملدرآمد کر رہا ہے، جس کے ذریعے نئے گریجویٹ انجینئرز کو عملی تربیت اور پیشہ ورانہ تجربے کے مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں۔ پروگرام کے تحت ٹریٹی انجینئرز پانچ ماہ انڈسٹریل پارٹنرز کے ساتھ فیلڈ ٹریننگ مکمل کرتے ہیں، جس کے بعد ایک ماہ کی اسکل ڈویلپمنٹ ٹریننگ دی جاتی ہے۔ پروگرام کے دوران ہر ٹریٹی انجینئر کو ماہانہ 50 ہزار روپے وظیفہ بھی دیا جاتا ہے۔ اسکل ڈویلپمنٹ ٹریننگ اسلام آباد، راولپنڈی، پشاور، لاہور، ملتان، کراچی، حیدرآباد اور کوئٹہ کے آٹھ تربیتی مراکز میں ہفتے میں پانچ روز منعقد کی جا رہی ہے۔ تربیتی نصاب میں کمیونیکیشن، ایموشنل انٹیلی جنس، ایگزیکٹو پریزنس، اسٹریس مینجمنٹ، بزنس رائٹنگ، پبلک اسپیکنگ، کانفلکٹ ریزولوشن، اسٹیک ہولڈر مینجمنٹ، کریٹیکل تھنکنگ، ٹائم مینجمنٹ، انوویشن اور انجینئرنگ انتھکس شامل ہیں۔ آخری ہفتے کے دوران ٹریٹی انجینئرز نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی (NDU) کے زیر اہتمام ایک ہفتے کے پرسنالٹی ڈویلپمنٹ سٹڈیٹیک پروگرام میں بھی شرکت کریں گے۔ چیئرمین پاکستان انجینئرنگ کونسل انجینئر وسیم نذیر نے کہا کہ GET پلیسمنٹ پروگرام کا بنیادی مقصد تعلیمی اداروں سے حاصل ہونے والی تعلیم اور عملی پیشہ ورانہ تقاضوں کے درمیان موجود خلا کو کم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انجینئرز کے لیے ہاؤس جاب ماڈل نوجوان گریجویٹس کو عملی تجربہ فراہم کرنے، ان کی ملازمت کے امکانات بہتر بنانے اور اکیڈیمیا و انڈسٹری کے روابط مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ پی ای سی نوجوان انجینئرز کو بہتر پیشہ ورانہ مواقع فراہم کرنے اور پاکستان کی معاشی و تکنیکی ترقی میں مؤثر کردار ادا کرنے کے قابل بنانے کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گا۔

بقیہ 3

دی۔ اجلاس میں مائیکرو پلاننگ، فیلڈ کی تیاری، لائن ڈیپارٹمنٹس کے درمیان رابطہ کاری اور مہم کے مؤثر انعقاد کی حکمت عملی پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ اجلاس میں تھرڈ پارٹی ویلیڈیشن پلان کا بھی جائزہ لیا گیا اور زیادہ سے زیادہ کوریج حاصل کرنے اور آئندہ پولیو مہم کو کامیاب بنانے کے لیے بین المحکمہ جاتی ہم آہنگی کو مزید مضبوط بنانے پر زور دیا گیا۔

بقیہ 4

میں بھی اضافہ کیا گیا ہے۔ ڈپٹی کنزرویٹر فارسٹ عامر امتیاز نے دوٹوک الفاظ میں واضح کیا کہ کرپشن کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی اور محکمہ جنگلات میں زیرو ٹالرنس پالیسی پر سختی سے عملدرآمد ہوگا، جو ملازم غلط کام یا کرپشن کو فروغ دینے میں ملوث پایا گیا اس کے لیے محکمہ میں کوئی گنجائش نہیں ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ غیر قانونی طور پر درختوں کی کٹائی، لکڑی کی غیر قانونی نقل و حمل یا محکمانہ اہلکاروں کی کسی بھی قسم کی ملی بھگت ثابت ہونے پر بلاامتیاز سخت قانونی کارروائی کی جائے گی، کسی قسم کی لیک، معافی یا تلافی کی گنجائش نہیں ہوگی۔ ڈپٹی کنزرویٹر فارسٹ عامر امتیاز نے عوام سے اپیل کی کہ جنگلات سے متعلق کسی بھی غیر قانونی سرگرمی یا محکمانہ بدعنوانی کی اطلاع براہِ راست انہیں دی جائے، وہ خود موقع پر پہنچ کر کارروائی کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ جنگلات کا تحفظ ان کی اولین ترجیح ہے اور کرپٹ عناصر کے خلاف کھلی جنگ ہوگی۔ اجلاس کے اختتام پر محکمہ جنگلات چکوال کی فورس کی جانب سے موٹر سائیکلوں اور دیگر محکمانہ گاڑیوں پر مارچ بھی کیا گیا، جسے جنگلات کے تحفظ اور قانون کی عملداری کے حوالے سے عوام کے لیے ایک واضح پیغام قرار دیا گیا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے احکامات کی روشنی میں محکمہ جنگلات چکوال پوری طرح متحرک ہو چکا ہے۔

بقیہ 5

جس میں سیاسی۔ سماجی اور مذہبی شخصیات نے شرکت کی۔ تقریب کے میزبان تحصیل لورہ کے صدر پیر بابر خان عباسی۔ نائب صدر تحصیل لورہ نوید عباسی۔ جنرل سیکرٹری تحریک صوبہ ہزارہ تحصیل لورہ سردار سجاد احمد ہزاروی تھے۔ اس تقریب میں پنڈی اسلام آباد میں رہنے والے ہزارہ کے عوام کو مدعو کیا گیا تھا۔ اس تقریب کے مہمان خصوصی تحریک صوبہ ہزارہ کے نائب صدر سردار یاسر کرلال اور پاکستان عوامی قوت کے چیرمین خاقان وحید خواجہ تھے۔ عباسیین و ویلفیئرز کی طرف سے سفیر احمد عباسی اور انکی پوری ٹیم نے شرکت کی۔ پشتون پارٹی کے چیرمین عبدالرحیم خان بنگش اور انکی پوری ٹیم نے صوبہ ہزارہ کی حمایت کا اعلان کیا۔ کوہستان سے آے ہوئے مہمان قاسم خان کوہستانی اور راولپنڈی اسلام آباد کرلال ویلفیئرز کے چیرمین سردار مہریز کرلال لورہ سے آے ہوئے سدھیر عباسی اہلحدیث راولپنڈی مرکز کے امام وخطیب مولانا غلام قاری ظہیر احمد کرلال ہزاروی اور انکی ٹیم نے بھی صوبہ ہزارہ کی حمایت کا اعلان کیا۔ گلیات ایبٹ آباد مانسہرہ کوہستان بلکہ پورے ہزارہ سے آئے ہوئے قائدین اور کارکنان نے شرکت کی اور مقررین نے اپنے اپنے خطاب میں کہا کہ صوبہ ہزارہ وقت کی اہم ضرورت ہے اور ہم اس تحریک کے ساتھ ہیں۔ اس موقع پر بہت سے سیاسی وسماجی رہنماؤں نے اس تحریک کی حمایت کا اعلان کیا۔

بقیہ 6

ڈورسر ویلنس، لاروا کی نشاندہی وقتی، ہاٹ سپاٹس کی نگرانی اور انسداد ڈینگی ایس او پیز پر عملدرآمد کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر انفورسمنٹ عبدالرحمٰن خان نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ ڈینگی کے حوالے سے ان ڈور اور آؤٹ ڈور سرویلنس مزید تیز کی جائے اور ہائی رسک علاقوں میں خصوصی توجہ دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ مون سون بارشوں کے بعد پانی جمع ہونے والی جگہوں، گھروں، کمرشل مقامات، زیر تعمیر عمارتوں، قبرستانوں، کباڑ خانوں اور دیگر ممکنہ ڈینگی لاروا کی افزائش گاہوں کی مسلسل نگرانی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ لاروا ملنے کی صورت میں فوری طور پر تکنیکی کے اقدامات کیے جائیں جبکہ انسدادِ ڈینگی ایس او پیز کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔ عبدالرحمٰن خان نے کہا کہ ڈینگی کے تدارک کے لیے تمام متعلقہ محکموں کے درمیان مؤثر رابطہ اور فیلڈ میں مربوط کارروائیاں ناگزیر ہیں۔ افسران فیلڈ سرگرمیوں کی خود نگرانی کریں اور روزانہ کی بنیاد پر پیش رفت رپورٹ پیش کریں۔ انہوں نے شہریوں سے بھی اپیل کی کہ اپنے گھروں، چھتوں، گملوں، ٹائروں، کولروں اور دیگر مقامات پر پانی جمع نہ ہونے دیں اور ڈینگی لاروا کی ممکنہ افزائش گاہوں کے خاتمے میں ضلعی انتظامیہ اور محکمہ صحت کا ساتھ دیں۔ اجلاس میں اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ راولپنڈی میں ڈینگی کے تدارک کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لاتے ہوئے مؤثر سرویلنس اور انسدادِ ڈینگی سرگرمیوں کا سلسلہ بھرپور انداز میں جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 7

بورڈ کے متعلقہ عملے نے کارروائی کے دوران سڑکوں اور عوامی مقامات پر قائم تجاوزات کو ہٹایا، جس سے شہریوں کی آمدورفت اور ٹریفک کی روانی میں بہتری کی راہ ہموار ہوئی۔ کینٹ انتظامیہ کے مطابق تجاوزات کے خلاف کارروائی کا سلسلہ آئندہ بھی جاری رہے گا، جبکہ دکانداروں اور شہریوں کو سرکاری و عوامی جگہوں پر تجاوزات قائم کرنے سے گریز کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ 8

جب اسلام آباد کے شہری رات بھر ہونے والی شدید بارش کے دوران آرام کر رہے تھے، اس وقت سی ڈی اے سینیٹیشن ڈیپارٹمنٹ کی ٹیمیں مسلسل فیلڈ میں متحرک رہیں۔ ٹیموں نے سڑکوں سے پانی صاف کرنے، ملبہ ہٹانے اور نکاسی آب کی جالیوں سمیت اہم مقامات کو صاف رکھنے کے لیے مسلسل کام کیا۔ بروقت کارروائی اور مسلسل فیلڈ آپریشنز کے نتیجے میں شہریوں نے صبح کے وقت ہموار اور نسبتاً محفوظ آمدورفت کا آغاز کیا۔ سی ڈی اے سینیٹیشن ڈیپارٹمنٹ کی ٹیمیں بارش کے دوران بروقت نکاسی آب، ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے اور شہریوں کو ہر ممکن ریلیف فراہم کرنے کے لیے مکمل طور پر متحرک رہیں۔ سی ڈی اے سینیٹیشن ڈیپارٹمنٹ کی ٹیمیں اہم شاہراہوں، نکاسی آب کے مقامات، انڈر پاسز، نشیبی علاقوں اور دیگر حساس مقامات پر تعینات رہیں۔ بارش کے پانی کے بہاؤ میں رکاوٹ بننے والے ملبے اور دیگر رکاوٹوں کو ہٹانے کے ساتھ ساتھ نکاسی آب کی جالیوں کی صفائی پر خصوصی توجہ دی گئی۔ بارش کی صورتحال کی مسلسل نگرانی کی گئی، جبکہ متعلقہ افسران اور عملہ فیلڈ میں موجود رہا، باہمی رابطہ برقرار رکھا اور شدید بارش کے باعث پیدا ہونے والی کسی بھی صورتحال سے فوری طور پر نمٹنے کے لیے اقدامات کیے۔ سی ڈی اے سینیٹیشن ڈیپارٹمنٹ اور نکاسی آب کی ٹیموں کی شبانہ روز کاوشوں کے باعث سڑکوں اور اہم مقامات سے بارش کے پانی کی بروقت نکاسی یقینی بنائی گئی، جس سے ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے اور رش کے معروف اوقات میں شہریوں کو درپیش مشکلات کم کرنے میں مدد ملی۔ تمام متعلقہ ٹیمیں بدستور مکمل طور پر چوکس ہیں اور موسم کی صورتحال مکمل طور پر معمول پر آنے تک حساس مقامات کی نگرانی اور فیلڈ آپریشنز جاری رکھے ہوئے ہیں۔ سی ڈی اے نے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ شدید بارش کے دوران شہریوں کی حفاظت، بروقت نکاسی آب، سڑکوں کی صفائی اور ٹریفک کی روانی کو یقینی بنانا سی ڈی اے کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ ہنگامی صورتحال میں شہری ریسکیو 1122، سی ڈی اے ہنگامی رابطہ نمبر 16 اور 1334 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔ سی ڈی اے نے اس عزم کا بھی اعادہ کیا کہ شہریوں کو بروقت ریلیف فراہم کرنے اور موسم کی صورتحال سے قطع نظر محفوظ، صاف ستھرا اور قابلِ رسائی اسلام آباد کو یقینی بنانے کے لیے تمام ممکنہ وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

بقیہ 9

کیا جائے گا۔ عدالتی کارروائیوں اور کیس مینجمنٹ کے نظام کا بھی جائزہ لیا جائے گا۔ فل کورٹ اجلاس میں سائلین کو درپیش مسائل کے حل، مقدمات کی جلد سماعت اور زیرالتواء کیسز میں کمی کے لیے مختلف اقدامات پر غور متوقع ہے۔ صوبے کی ماتحت عدلیہ سے متعلق امور بھی اجلاس کے ایجنڈے میں شامل ہوں گے۔ ضلعی عدالتوں میں مقدمات کے بوجھ، کیس مینجمنٹ اور انصاف کی بروقت فراہمی سے متعلق معاملات کا جائزہ لیا جائے گا۔ اجلاس میں عدالتی نظام کو مزید مؤثر بنانے، مقدمات کے جلد فیصلوں اور سائلین کو ریلیف کی فراہمی کے حوالے سے اہم تجاویز زیرغور آئیں گی۔ چیف جسٹس عالیہ نیلم کی زیرصدارت ہونے والے فل کورٹ اجلاس میں لاہور ہائیکورٹ اور ماتحت عدلیہ کی مجموعی کارکردگی، زیرالتواء مقدمات اور عدالتی امور میں بہتری کے لیے آئندہ کے لائحہ عمل پر اہم فیصلے متوقع ہیں۔

بقیہ 10

کی جگہ فیلڈ اور تکنیکی نوعیت کی نئی آسامیاں قائم کی جائیں گی۔ دستاویزات کے مطابق سینئر کلرکوں کی 85 اور سٹینوگرافرز کی 39 خالی آسامیاں ختم کی جائیں گی، جبکہ ان کی جگہ 54 لیبر انسپکٹرز تعینات کیے جائیں گے۔ اس کے علاوہ 4 لیبر افسران، 11 اسسٹنٹ ڈائریکٹرز اور 16 ڈپٹی ڈائریکٹرز کی آسامیاں قائم کرنے کی تجویز ہے۔ محکمہ لیبر میں 39 ڈیٹا انٹری آپریٹرز کی نئی آسامیاں بھی بنائی جائیں گی۔ نئی آسامیاں قائم ہونے کے باوجود محکمہ لیبر کی منظور شدہ مجموعی افرادی قوت 950 ہی رہے گی۔ دستاویزات کے مطابق 950 منظور شدہ آسامیوں میں سے 444 تاحال خالی ہیں۔ دستاویزات میں بتایا گیا ہے کہ صوبے میں لیبر قوانین کے نفاذ کیلئے اس وقت محدود تعداد میں معائنہ افسران دستیاب ہیں، جبکہ ایک لیبر انسپکٹر کے ذمے اوسطاً 2 لاکھ 14 ہزار 222 کارکنوں کی نگرانی تھی۔ اسی طرح ہر انسپکٹر کو اوسطاً ایک ہزار 28 کاروباری اداروں کا معائنہ اور نگرانی کرنا پڑتی تھی۔ مجوزہ نئے انتظامی ڈھانچے کے نتیجے میں سرکاری خزانے پر سالانہ 2 کروڑ 24 لاکھ روپے سے زائد کا اضافی بوجھ پڑے گا۔ نئے فیلڈ اور تکنیکی عہدوں کے ذریعے لیبر قوانین پر عملدرآمد، چائلڈ لیبر اور جبری مشقت کے خلاف کارروائیوں کو مؤثر بنانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔

بقیہ 11

بتائے بغیر آف لوڈ کرنے کی درخواست پر سماعت ہوئی، جسٹس ایاز شوکت نے حکم دیا کہ ایڈیشنل ڈائریکٹر آئندہ سماعت منگل کو ذاتی حیثیت میں پیش ہوں، یہ بھی حکم دیا کہ جس کو بھی آف لوڈ کیا جائے اس کی وجہ لکھی جائے۔ جسٹس ایاز شوکت نے قرار دیا کہ حکام وزٹ ویزہ اور انویسٹمنٹ ویزہ کو ایک سمجھ رہے ہیں۔ دورانِ سماعت اسسٹنٹ اٹارنی جنرل، اسسٹنٹ ڈائریکٹر اور دیگر ایف آئی اے حکام عدالت میں پیش ہوئے، درخواست گزار شہری محمد سعید خان اپنے وکیل کے ہمراہ عدالت پیش ہوا جبکہ شہری کو آف لوڈ کرنے والا افسر عدالتی حکم کے باوجود پیش نہ ہوا۔ جسٹس ایاز شوکت نے استفسار کیا کہ جس نے آف لوڈ کیا تھا وہ خود کیوں نہیں آئے؟ اسسٹنٹ ڈائریکٹر لیگل ایف آئی اے نے بتایا کہ جس نے آف لوڈ کیا ان کے والد کو کارڈیک مسئلہ تھا اس لیے نہیں آسکے، جسٹس ایاز شوکت نے حکم دیا کہ اگلی سماعت پر انہیں کہیں پیش ہوں اور ساتھ سرٹیفکیٹ لے کر آئیں۔ خاتون افسر کی جانب سے انویسٹمنٹ ویزہ اور وزٹ ویزہ کو ایک جیسا کہنے پر عدالت نے اظہار برہمی کیا اور کہا کہ آپ نے رپورٹ میں کچھ اور لکھا ہوا اور روسٹرم پر کچھ اور بتا رہی ہیں، اپنا بیان حلفی جمع کروائیں اور یہ رپورٹ بھی تبدیل نہ ہو۔ جسٹس ایاز شوکت نے کہا کہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر لیگل بھی اپنا بیان حلفی جمع کروائیں، ایئرپورٹ کے معاملات کون دیکھتا ہے؟ اس پر ایف آئی اے حکام نے بتایا کہ ایڈیشنل ڈائریکٹر ایئرپورٹ کے سارے معاملات دیکھتے ہیں، انہیں کہیں منگل کو ذاتی حیثیت میں پیش ہوں اور متعلقہ ریکارڈ ساتھ لائیں۔

بقیہ 12

پوچھا۔ وفاقی وزیر صحت پمز کارڈیک پرائیویٹ رومز کی حالت دیکھ کر سٹاف پر برہم ہو گئے اور کہا دیوار کی حالت خراب ہے اور اس کو آپ پینٹ کر رہے ہیں، کسی دن یہ دیوار گرے گی پھر ہم سب یہاں آئیں گے۔ مصطفیٰ کمال نے ایگزیکٹو ڈائریکٹر پمز ڈاکٹر سلمان سے کہا کہ آپ کو ہسپتال بھی ہیں 6 ماہ نہیں ملیں گے، فوری کام کرنا ہوں گے، ہسپتال کی مشینیں روزانہ نہیں دیکھیں گے تو کیا ہے؟، جو اپنا کام نہیں کر رہا اسکو فوری نکالیں۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا کوئی کسی کا بھی آدمی ہے وہ کام نہیں کر رہا اسکو فارغ کر دیں، باہر سے آ کر کوئی کام نہیں کرے گا، انتظامیہ ایکشن لے میں فارغ کروں گا۔ ان کا کہنا تھا میرے پاس ایک صفحہ نہیں آیا جس میں یہ بتایا ہو کہ کوئی شخص کام نہیں کر رہا، کوئی کام نہیں کر رہا تو روزانہ 10 لوگ نکال دیں۔ پمز کی انتظامیہ نے وفاقی وزیر صحت سے شکایت کی کہ یہاں پاور سینٹر لائز ڈ ہے، انتظامی طاقت یہاں ایک شخص کے پاس ہے، جس پر مصطفیٰ کمال نے کہا آپ لکھ کر دیں طاقت بانٹ دیتے ہیں، ایک صفحے پر لکھ کر دیں کہ کیا ماڈل ہونا چاہیے۔

بقیہ 13

موجود ہے، جس کی بہتر نگہداشت اور خوبصورتی پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ نرسریوں کے معیار کو بھی مزید بہتر بنانا ازحد ضروری ہے۔ انہوں نے ہارٹیکلچر اور بیوٹیفیکیشن کیلئے روایتی طریقوں کی جگہ جدید مشینی نظام متعارف کرانے کی تجویز دی اور کہا کہ جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے کام کی رفتار اور معیار میں بہتری لائی جا سکتی ہے۔ وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین کا مزید کہنا تھا کہ ہارٹیکلچر ایکسٹینسز کے پاس ریونیو بڑھانے کی وسیع گنجائش موجود ہے، اس لیے ریونیو وصولی کے عمل کو ڈیجیٹلائز کیا جائے۔ فوڈ سٹریٹس اور تفریحی سہولیات میں بہتری، پارکس کی مینٹیننس اور مشینری ٹریکنگ کے نظام کو بھی مزید مؤثر بنایا جائے گا۔

بقیہ 14

آصفہ بھٹو زرداری کی بھی آئندہ چند روز میں لندن آمد متوقع ہے جبکہ ان کے بھائی اور چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کی بھی لندن آمد متوقع ہے۔

بقیہ 15

سی حاصل کرنے والے افراد ہی پتنگ بازی کا سامان تیار کر سکیں گے۔ ضلعی انتظامیہ کی ٹیمیں منظور شدہ سامان کی تیاری کی کڑی نگرانی کریں گی اور صرف منظور شدہ سائز، پتا اور سوتی ڈور کے استعمال کی اجازت ہوگی۔

بقیہ 16

صادق، راجہ ریاست، عمیر نعیم اور عبدالرحمٰن آرائیں نے بطور وزیر حلف اٹھایا۔ حلف برداری کی تقریب ایوان صدر میں منعقد ہوئی جس میں وزیراعظم آزاد کشمیر افتخار گیلانی، چیف سیکرٹری سمیت دیگر شخصیات نے بھی شرکت کی۔ ذرائع کے مطابق دوسرے مرحلے میں مزید وزرا اور مشیر بھی کابینہ میں شامل کیے جائیں گے۔

بقیہ 17

گئے ہیں، رواں برس پرائیویٹ حج سکیم کے پیکیج 14 لاکھ سے ساڑھے 37 لاکھ روپے کے درمیان ہیں۔ ترجمان نے بتایا کہ پرائیویٹ سکیم میں مختصر دورانیے، بیرون ملک سے براہِ راست پروازوں اور فائیو اسٹار حج پیکیج کے انتخاب کی سہولت موجود ہے۔ ترجمان مذہبی امور نے کہا کہ پرائیویٹ عازمینِ حج پیکیج کا انتخاب اور ادائیگی صرف حج پورٹل یا پاک حج ایپ کے ذریعے کریں، کسی فرد یا کمپنی کو براہِ راست رقم کی ادائیگی کی صورت میں وزارت کسی نقصان کی ذمہ دار نہیں ہوگی۔ وزارت مذہبی امور کے ترجمان کے مطابق رواں برس پرائیویٹ حج سکیم کے لیے 71 ہزار 684 نشستیں مختص کی گئی ہیں، جبکہ پیکیج کے انتخاب اور ادائیگی کی آخری تاریخ 20 نومبر مقرر کر دی گئی ہے۔ ترجمان نے کہا کہ مقررہ تاریخ تک کوٹہ مکمل نہ ہونے کی صورت میں وزارت کو ازسرِنو کوٹہ مختص کرنے کا اختیار حاصل ہے۔

بقیہ 18

ہسپتالوں میں جانوروں کو ایمرجنسی سروس بھی فراہم کی جائے گی۔ ایڈوانس ویٹرنری ہسپتال کی ماہانہ کارکردگی رپورٹ بھی مرتب کی جائے گی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ایڈوانس ویٹرنری ہسپتال گوجرانوالہ، سرگودھا، گجرات، ملتان، ساہیوال، بہاولپور، فیصل آباد، ڈی جی خان اور راولپنڈی میں قائم کیے گئے ہیں۔

بقیہ 19

مقدمے کے متن کے مطابق مقتولہ کی شادی دو سال قبل تنویر سے ہوئی تھی، جو دبئی میں ملازمت کرتا تھا اور چار ماہ قبل پاکستان واپس آیا تھا۔ ایف آئی آر کے مطابق ملزم تنویر کے لڑکیوں سے فون پر بات کرنے اور زیادہ وقت گھر سے باہر گزارنے کے باعث میاں بیوی میں اکثر ناچاقی رہتی تھی۔ ایف آئی آر کے متن کے مطابق مقتولہ کے بھائی نے بتایا کہ گزشتہ چار روز سے بہنوئی مقتولہ کو مبینہ طور پر ذہنی دباؤ میں رکھے ہوئے تھا جبکہ گزشتہ شام مقتولہ نے والدہ کو فون پر بتایا تھا کہ سسرال والے اسے پریشان کر رہے ہیں۔ مقتولہ کے بھائی نے فون کیا تو کال اس کی نند فضا نے اٹینڈ کی اور بتایا کہ آپ کی بہن نے خودکشی کر لی ہے۔ مقتولہ کے بھائیوں نے موقع پر پہنچ کر دیکھا تو مقتولہ کے ہاتھوں پر تازہ مہندی لگی ہوئی تھی اور گلے میں پھندہ تھا، انکی بہن کو اسکے خاوند تنویر نے عبدالعزیز کے ساتھ ملکر شمیں پھندہ دیکر قتل کیا ہے۔ پولیس نے مقتولہ کے بھائی کی مدعیت میں تنویر اور عبدالعزیز کے خلاف قتل کا مقدمہ درج کر کے تحقیقات شروع کر دی ہیں، دونوں ملزمان کو حراست میں لے لیا گیا ہے، جبکہ پوسٹمارٹم میں موت کی وجہ کا تعین نہ ہونے پر مقتولہ کی لاش سے مختلف سیمپلز حاصل کر کے فرانزک تجزیہ کے لئے لاہور بھجوا دیئے گئے ہیں۔

بقیہ 20

میں منعقد ہوا، جس میں دونوں تحصیلوں سے تعلق رکھنے والے تاجر رہنماؤں اور چیمبر کے معزز ممبران نے بھرپور شرکت کی اور ملک محبوب تاجر یونیٹی گروپ پر اپنے مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے گروپ کی بھرپور حمایت کا اعلان کیا۔ اس موقع پر شرکاء کا کہنا تھا کہ تاجر برادری کے مسائل کے حل، کاروباری سرگرمیوں کے فروغ اور تاجروں کے حقوق کے مؤثر تحفظ کے لیے متحد اور مضبوط قیادت ناگزیر ہے، اجتماع میں گوجرخان اور کلرسیداں کی تاجر برادری کے اتحاد اور ملک محبوب تاجر یونیٹی گروپ کی حمایت کو آئندہ انتخابات میں اہم پیش رفت قرار دیا گیا، تقریب میں مرکزی انجمن تاجران گوجرخان کے نائب صدر راجہ طیب محمود اور فنانس سیکرٹری خواجہ عادل جاوید نے خصوصی شرکت کی، جبکہ شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ تاجر برادری کے مفادات کے تحفظ اور چیمبر میں مؤثر نمائندگی کے لیے باہمی اتحاد کے ساتھ اپنا کردار ادا کیا جائے گا۔

بقیہ 21

کی بڑی تعداد موجود تھی جنہوں نے سیاسی نعروں کے ساتھ اپنے قائد کا خیر مقدم کیا بعد ازاں وزیراعلیٰ کے قافلے کو ریلی کی صورت میں گھنٹہ گھر چوک لایا گیا جہاں ایک بڑے جلسے کی شکل میں ان کا پرتپاک استقبال کیا گیا گھنٹہ گھر چوک پر منعقدہ جلسے سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا محمد سہیل آفریدی نے اپنے قائد عمران خان کی رہائی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ محبوب لیڈر اور کپتان عمران خان کو فوری طور پر آزاد کیا جائے ان کا کہنا تھا کہ عمران خان کی رہائی کے لیے سیاسی جدوجہد جاری رکھی جائے گی اور کارکنان اپنے قائد کے ساتھ ثابت قدمی سے کھڑے رہیں محمد سہیل آفریدی نے جلسے کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے اعلان کیا کہ 27 ستمبر کو اسلام آباد کا رخ کیا جائے گا اور کارکنان کو اس سلسلے میں تیار رہنے کی ہدایت کی انہوں نے کہا کہ کارکنان کو کسی دباؤ یا خوف کا شکار نہیں ہونا چاہیے بلکہ اپنے کپتان کا ساتھ دینا چاہیے وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا نے اپنے خطاب میں کارکنان کے حوصلے بلند کرتے ہوئے کہا کہ ڈریں گے نہیں کپتان کا ساتھ دیں گے انہوں نے کہا کہ سیاسی جدوجہد میں کارکنان کا کردار انتہائی اہم ہے اور وہ اپنے قائد کے بیانیے کے ساتھ کھڑے رہیں جلسے کے دوران شرکاء کی جانب سے عمران خان کے حق میں نعرے بازی کی گئی جبکہ کارکنان نے اپنے قائد سے اظہار یکجہتی کا بھی مظاہرہ کیا۔ وزیراعلیٰ کی آمد کے موقع پر گولا موڑ سے گھنٹہ گھر چوک تک سیاسی سرگرمیوں کے باعث شہر میں گہما گہمی دیکھنے میں آئی اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے محمد سہیل آفریدی نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ اپنی صفوں میں اتحاد برقرار رکھیں اور سیاسی جدوجہد کو منظم انداز میں آگے بڑھائیں۔ ان کا کہنا تھا کہ اپنے قائد کے ساتھ کھڑا ہونا کارکنان کی ذمہ داری ہے اور وہ کسی بھی مشکل صورتحال میں اپنے مؤقف سے پیچھے نہیں ہٹیں گے۔ واضح رہے کہ وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا کے کندھ کوٹ دورے کے دوران گولا موڑ اور گھنٹہ گھر چوک پر کارکنان کی جانب سے استقبال کیا گیا جلسے میں عمران خان کی رہائی اور سیاسی جدوجہد کے حوالے سے نعرے بھی لگائے گئے وزیراعلیٰ محمد سہیل آفریدی کی جانب سے 27 ستمبر کو اسلام آباد جانے کے اعلان کے بعد کارکنان میں مزید سیاسی سرگرمیوں کے حوالے سے جوش وخروش پیدا ہوا ہے۔ تاہم آئندہ سیاسی لائحہ عمل اور اسلام آباد روانگی کے حوالے سے مزید تفصیلات متعلقہ قیادت کی جانب سے سامنے آنے کی توقع ہے

بقیہ 22

نے بھاری ہتھیاروں، راکٹ اور دستی بموں سے حملہ کیا، دہشتگرد پولیس اسٹیشن بھاگ پر قبضہ اور اسلحہ چھیننے میں ناکام رہے، ان کی فائرنگ سے دو پولیس اہلکار اور 3 شہری زخمی ہوئے۔ معاون وزیر اعلیٰ نے کہا کہ دہشتگرد بینک سے کوئی نقدی لوٹنے میں کامیاب نہیں ہو سکے، بم ڈسپوزل یونٹ نے بینک میں دہشتگردوں کی نصب کردہ آئی ای ڈی بھی ناکارہ بنا دی۔

بقیہ 23

اور فلسطین سے تعلق رکھنے والے 14 زرعی ماہرین نے شرکت کی۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق 15 روزہ تربیتی پروگرام چین کے صوبہ یچوان کے شہروں چینگدو اور دیانگ جبکہ صوبہ گوانگ شی کے شہر گوئی لِن میں منعقد ہوا۔ اس کا مشترکہ اہتمام یچوان اکیڈمی آف نیچرل ریسورس سائنسز اور گوانگ شی انسٹی ٹیوٹ آف باٹنی نے کیا۔ رپورٹ کے مطابق تربیتی پروگرام میں کیوی فروٹ کی نئی اقسام کی تیاری، کاشت، باغات کا انتظام، برداشت کے بعد دیکھ بھال اور مارکیٹنگ سمیت مختلف امور کا احاطہ کیا گیا۔ پروگرام میں لیکچرز، فیلڈ وزٹس، عملی تربیت اور علمی تبادلے کو شامل کیا گیا، جبکہ چین اور دیگر ممالک کے ماہرین، بشول نیوزی لینڈ انسٹی ٹیوٹ فار پلانٹ اینڈ فوڈ ریسرچ اور چائنیز اکیڈمی آف سائنسز کے دوہان بوٹینیکل گارڈن کے ماہرین نے بھی شرکت کی۔

بقیہ 24

تھا، پولیس نے بچے کی لاش نالے سے برآمد کر لی ہے۔ پولیس تحقیقات کے مطابق واقعے کی مرکزی ملزمہ بچے کی ماں نبیلہ ہے، ملزمہ کے پہلے چھ بچے ہیں جبکہ مقتول اس کا ساتواں بچہ تھا۔ ابتدائی تفتیش میں ملزمہ نے مزید بچے کی پرورش نہ کر سکنے کو اقدام کی وجہ بتایا ہے، ابتدائی تحقیقات کے مطابق ملزمہ ماں نے کہا کہ اس کے پہلے ہی سے 6 بچے ہیں، وہ مزید بچے نہیں پال سکتی۔ ڈی پی او مری کے مطابق واقعے کا مقدمہ نمبر 541/26 درج کر لیا گیا ہے، جس میں قتل کی دفعہ 302 سمیت شواہد چھپانے اور بچے پر تشدد سے متعلق دفعات شامل کی گئی ہیں، رضا تنویر سپرا کا کہنا ہے کہ مری پولیس واقعے کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لے رہی ہے اور مکمل تفتیش کے بعد مزید حقائق سامنے لائے جائیں گے۔

بقیہ 25

سے مسافروں پر مالی بوجھ کم ہونے کی توقع ہے۔ گوادر پرو کے مطابق ان روٹس پر پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز سمیت مختلف فضائی کمپنیاں پرو

مری کے ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے اہم اجلاس

مری کی خوبصورتی میں اضافے، سیاحوں کو بہترین سہولیات کی فراہمی اور شہری بنیادی ڈھانچے کی بہتری سے متعلق امور پر غور

اجلاس کی صدارت کمشنر راولپنڈی ڈویژن سلیمان غنی نے کی، ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی و دیگر کی شرکت

مری (این ای این) کمشنر راولپنڈی ڈویژن سلیمان غنی کی زیرصدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں مری میں جاری مختلف ترقیاتی اسکیموں، مال روڈ پر جاری ترقیاتی کام، بیوٹیفیکیشن، شہری سہولیات اور سیاحوں کے لیے کیے جانے والے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر یونیو عمر اویس کیانی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل کامران صغیر اور اسسٹنٹ کمشنر مری کیپٹن (ر) ارشد اقبال سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ترقیاتی منصوبوں (بقیہ نمبر 28)

ایس ایس پی انویسٹیگیشن اور ایس پی ہیڈکوارٹرز کی کھلی کچہری

شہریوں کے مسائل کے فوری حل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی

راولپنڈی (این این آئی) ایس ایس پی انویسٹیگیشن سیف اللہ اور ایس پی ہیڈکوارٹرز محمد سلیم خٹک نے پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جہاں شہریوں کی شکایات سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے گئے۔ سینئر افسران نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ مارک کردہ درخواستوں پر مقررہ وقت کے اندر قانونی کارروائی (بقیہ نمبر 57)

ایس پی ہیڈکوارٹرز محمد سلیم خٹک پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے شکایات سن رہے ہیں

چیک ڈس آنر، بجلی چوری مقدمات میں مطلوب 2 اشتہاری گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے اشتہاری مجرمان کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے دو مطلوب ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق صادق آباد پولیس نے چیک ڈس آنر کے مقدمے میں سال 2021ء سے مطلوب اشتہاری کو گرفتار کیا، جبکہ وارث خان پولیس نے بجلی چوری کے مقدمے میں سال 2024ء سے مطلوب اشتہاری کو (بقیہ نمبر 58)

صدر بیرونی میں گھر سے خاتون کی نعش برآمد، شوہر اور کزن زیر تفتیش

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ صدر بیرونی کے علاقے میں گھر سے خاتون کی نعش ملنے کے واقعے کا مقدمہ خاتون کے بھائی کی مدعیت میں قتل کی دفعات کے تحت درج کرلیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق خاتون کی نعش گھر کے رہائشی کمرے سے ملی۔ مقدمے میں نامزد خاتون کے شوہر اور شوہر کے کزن کو تحویل میں لے کر تفتیش کی جارہی ہے۔ ابتدائی تحقیقات کے مطابق خاتون کی موت پھندہ لگنے سے ہوئی، تاہم واقعے کی مزید تفتیش جاری ہے۔ نعش کا پوسٹ مارٹم کرایا گیا ہے اور وجہ موت کا حتمی تعین پوسٹ مارٹم اور فرانزک رپورٹس کی (بقیہ نمبر 59)

چونترہ پولیس کی کارروائی، غیر قانونی اسلحہ رکھنے والے دو ملزمان گرفتار

جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری رہے گا، ایس پی صدر انعم شیر

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ چونترہ پولیس نے غیر قانونی اسلحہ رکھنے والے دو افراد کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے ایک رائفل، دو پستول اور گولیاں برآمد رلیں۔ پولیس کے مطابق دوران ناکہ بندی مشکوک افراد کو روک کر تلاشی لی گئی تو ان کے قبضے سے اسلحہ برآمد ہوا۔ دونوں ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرکے انہیں گرفتار کرلیا گیا۔ ایس پی صدر انعم شیر نے کہا کہ گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا، جبکہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رہے گا۔

فرینڈز آف پولیس انٹرن شپ پروگرام کے 50ویں بیچ کا اختتام

ڈی ایس پی ایڈمن شاہدہ یاسمین نے طلبہ وطالبات میں سرٹیفکیٹس تقسیم کیے

راولپنڈی (این این آئی) آئی جی پنجاب عبدالکریم کے ویژن کے مطابق راولپنڈی پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں فرینڈز آف پولیس انٹرن شپ پروگرام کے 50ویں بیچ کا اختتام ہوگیا۔ دو ہفتوں پر مشتمل انٹرن شپ پروگرام میں مختلف تعلیمی اداروں کے طلبہ وطالبات نے شرکت کی۔ سینئر پولیس افسران نے شرکا کو پولیس ورکنگ اور پولیسنگ کے مختلف شعبوں کے بارے میں لیکچرز دیے۔ پروگرام کے دوران طلبہ وطالبات کو پولیس اسٹیشن ورکنگ، پولیس خدمت مرکز، فرنٹ ڈیسک، مختلف پولیس ایپس، ٹریفک پولیس، قانونی اور عدالتی (بقیہ نمبر 30)

راولپنڈی پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں فرینڈز آف پولیس انٹرن شپ پروگرام کے 50ویں بیچ کا اختتام کے موقع پر گروپ فوٹو

عالمی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے اقوام متحدہ کو مزید مضبوط بنانا ہوگا، وزیراعظم

موجودہ عالمی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے اقوام متحدہ کے پلیٹ فارم کو مزید مضبوط بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے

وزیراعظم شہباز شریف کی اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کے امیدوار سفیر اولارا اوتونو سے گفتگو

اسلام آباد: (اے ایف پی) وزیراعظم شہباز شریف سے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کے امیدوار سفیر اولارا اوتونو نے ملاقات کی، یوگنڈا کے صدر کے خصوصی ایلچی اور یوگنڈا کے سابق وزیراعظم روہاکانا روگونڈا بھی ہمراہ تھے۔ ملاقات میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، معاون خصوصی طارق فاطمی اور سیکرٹری خارجہ سفیر آمنہ بلوچ بھی موجود تھیں۔ دوران ملاقات وزیراعظم نے اقوام متحدہ (بقیہ نمبر 31)

خستہ حال ریلوے ٹریک، ٹرینوں کے ڈی ریل ہونے میں اضافہ

ٹرینوں کے ڈی ریل ہونے کے واقعات میں ہوشربا اضافہ ہوا ہے

لاہور (اے ایف پی) ریلوے انتظامیہ کے ٹرینوں کے سفر کو محفوظ بنانے کے دعوے عملی اقدامات نہ ہونے کے باعث سوالیہ نشان بن گئے، خستہ حال ٹریک ریلوے اور مسافروں دونوں کے لیے وبال بن گیا۔ ذرائع کے مطابق ٹریک کی خستہ حالی کے باعث ٹرینوں کے ڈی ریل ہونے کے واقعات میں ہوشربا اضافہ ہوا ہے، ہر چند روز بعد مسافر اور مال بردار ٹرینوں کے پٹڑی سے اترنے کے واقعات رپورٹ ہو رہے ہیں۔ ذرائع کا کہنا (بقیہ نمبر 32)

میر رضا قتل کیس: ایس ایچ او سمیت 2 پولیس افسران کو نوٹس جاری

کراچی (اے ایف پی) میر رضا قتل کیس میں جوڈیشل کمیشن نے ایس ایچ او گلستان جوہر کامران قریشی کو نوٹس جاری کردیئے۔ کمیشن کی جانب سے ہیڈ محرر تھانہ گلستان جوہر کو بھی نوٹس جاری کر دیئے گئے، کمیشن نے دونوں پولیس افسران کو 7 ستمبر کو پیش ہونے کا حکم دے دیا۔ یاد رہے کہ کراچی کے علاقے گلستان جوہر تھانے کی حدود سے میر (بقیہ نمبر 33)

سکیورٹی فورسز کی کارروائی، 12 دہشت گرد جہنم واصل

دہشت گردوں کے ٹھکانے سے بھاری مقدار میں اسلحہ وگولہ بارود برآمد

راولپنڈی: (اے ایف پی) بلوچستان میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیاں جاری ہیں۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق ضلع قلات میں سکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے ٹھکانے کا سراغ لگا کر کارروائی کی اور بھارتی پراکسی فتنہ الہندوستان کے 12 دہشت گردوں کو جہنم واصل کردیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق بلوچستان کے ہی ضلع کچھی بھاگ میں سکیورٹی فورسز نے (بقیہ نمبر 34)

چین ایران کو معاشی طور پر تنہا کرنے میں تعاون کیلئے تیار ہے، جے ڈی وینس

واشنگٹن (اے ایف پی) امریکا کے نائب صدر جے ڈی وینس نے کہا ہے کہ انہیں علم نہیں کہ ایران جنگ امریکا میں نومبر میں ہونے والے مڈٹرم الیکشنز تک ختم ہوگی یا نہیں۔ وائٹ ہاؤس میں میڈیا بریفنگ میں جے ڈی وینس نے دعویٰ کیا کہ چین ایران کو معاشی طور پر تنہا کرنے کی کوششوں میں تعاون کے لیے تیار ہے۔ امریکی نائب صدر کا کہنا تھا کہ چین ایرانی تیل کا ایک بڑا خریدار ہے، اس لیے بیجنگ تہران پر معاشی دباؤ ڈالنے کی واشنگٹن کی کوششوں میں کلیدی کردار ادا کرسکتا ہے۔ امریکی (بقیہ نمبر 35)

خیبر پختونخوا کا ٹرانسپورٹ نظام بحران کا شکار ہونے لگا

خیبر پختونخوا کا ٹرانسپورٹ نظام بحران کا شکار، بدانتظامی کے سنگین انکشافات

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کا ٹرانسپورٹ نظام بحران کا شکار ہونے لگا، محکمہ ٹرانسپورٹ کے حوالے سے دستاویز میں سنگین انکشافات سامنے آگئے۔ دستاویز کے مطابق محکمہ ٹرانسپورٹ میں بدانتظامی عروج پر ہے، جدید منصوبہ بندی اور جامع ڈیٹا کا فقدان ہے۔ دستاویز میں خیبر پختونخوا کے محکمہ ٹرانسپورٹ کے ذیلی اداروں کے درمیان کوارڈینیشن (بقیہ نمبر 36)

وزیراعلیٰ کا سرگودھا میں مزید 7 الیکٹروبسیں مہیا کرنے کا اعلان

صوبائی وزیر صہیب احمد ملک، منصور اعظم، میاں سلطان رانجھا، اکرام الحق، صفدر حسین ساہی، رانا منور حسین کی وزیراعلیٰ سے ملاقات

ارکان صوبائی اسمبلی نے سرگودھا نواز شریف انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی کے قیام اور ریکارڈ مدت میں تکمیل پر خراج تحسین پیش

لاہور: (اے ایف پی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے سرگودھا میں مزید 7 الیکٹروبسیں مہیا کرنے کا اعلان کردیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے سرگودھا کے ارکان صوبائی اسمبلی نے ملاقات کی۔ ملاقات کرنے والوں میں صوبائی وزیر صہیب احمد ملک، منصور اعظم، میاں سلطان رانجھا، اکرام الحق، صفدر حسین ساہی، رانا منور حسین، تیمور علی خان، سردار عاصم شیر میکن شامل تھے۔ ارکان صوبائی اسمبلی نے سرگودھا نواز شریف انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی کے قیام اور ریکارڈ مدت میں تکمیل پر خراج تحسین پیش کیا اور سرگودھا میں الیکٹروبس (بقیہ نمبر 37)

دھرنے اور احتجاجی جلسے ملک بھر میں جاری رہیں گے: لیاقت بلوچ

لاہور: (اے ایف پی) نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ دھرنے اور احتجاجی جلسے ملک بھر میں جاری رہیں گے۔ اپنے بیان میں لیاقت بلوچ کا کہنا تھا کہ وزیراعظم اور جماعت اسلامی کی مذاکراتی کمیٹی کا اجلاس اب 7 ستمبر کو اسلام آباد میں ہوگا، جماعت اسلامی کی جانب سے مذاکراتی کمیٹی میں عنایت اللہ، فراست علی، ضیاء الدین، نصر اللہ رندھاوا اور نوید علی شامل ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ حکومت پر منحصر ہے کہ وہ کتنی سنجیدگی (بقیہ نمبر 38)

تھانہ مورگاہ پولیس کی کارروائی، گھر میں چوری کی واردات میں ملوث شخص گرفتار

میڈیا کی نشاندہی پر ایکشن، ٹاہلی موہری چوک سے خطرناک ٹرالی ہٹادی گئی

آئیسکو حکام نے ٹرانسفارمر پول پر نصب کر کے چوک کلیئر کر دیا، شہریوں کا اظہارِ اطمینان

عوامی مسائل کی بروقت نشاندہی اور متعلقہ اداروں کی جانب سے فوری کارروائی قابلِ تحسین ہے

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) ٹاہلی موہری چوک میں چوک کے وسط میں کھڑی واپڈا کی ٹرالی کے حوالے سے میڈیا پر نشاندہی کے بعد آئیسکو حکام نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ٹرالی ہٹا دی جبکہ ٹرانسفارمر کو بھی بجلی کے پول پر نصب کر دیا گیا۔ ٹرالی ہٹائے جانے کے بعد چوک مکمل طور پر کلیئر ہوگیا اور ٹریفک کی روانی بھی بہتر ہوگئی۔ واضح رہے کہ چوک کے درمیان ٹرالی کھڑی ہونے کے باعث شہریوں کو مشکلات کا سامنا تھا اور کسی حادثے کا خدشہ بھی موجود تھا۔ میڈیا کی نشاندہی کے بعد آئیسکو حکام کی جانب سے مسئلے کا نوٹس لیتے ہوئے (بقیہ نمبر 29)

نارووال: 24 بریگیڈ کے کمانڈر بریگیڈیئر فاروق ڈسٹرکٹ کوارڈی نیشن کمیٹی کے اجلاس میں شریک ہیں

22 جرائم پیشہ عناصر گرفتار، منشیات اور اسلحہ برآمد

مشکوک سرگرمی کی اطلاع متعلقہ تھانے یا ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر فوری دیں

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کے لیے جاری کریک ڈاؤن کے دوران 22 افراد کو گرفتار کرلیا، جن میں سنگین جرائم میں ملوث اشتہاری مجرمان اور عدالتی مفرور بھی شامل ہیں۔ پولیس کے مطابق منشیات فروشی اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے میں ملوث 17 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ گرفتار ملزمان (بقیہ نمبر 39)

آئی جی اسلام آباد کی زیرصدارت سینئر افسران کا اجلاس

شکایات کے حل میں غیر ضروری تاخیر سے گریز کیا جائے، سید علی ناصر رضوی

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی زیرصدارت سینٹرل پولیس آفس میں سینئر پولیس افسران کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں پولیس کی مجموعی کارکردگی، محکمانہ امور اور آپریشنل معاملات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈی آئی جی آپریشنز محمد جواد طارق، ڈی آئی جی لا اینڈ آرڈر شفیق طاہر سمیت دیگر سینئر افسران نے (بقیہ نمبر 40)

آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے سنٹرل پولیس آفس کھلی کچہری میں تشریف لانے والے شہریوں اور پولیس افسران کے مسائل اور شکایات براہ راست سنیں

14 افراد گرفتار، شراب اور غیر قانونی اسلحہ برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے مختلف علاقوں میں کارروائیوں کے دوران 14 افراد کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے 40 لیٹر اور 21 بوتل شراب جبکہ غیر قانونی اسلحہ بمعہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔ پولیس کے مطابق کارروائیاں تھانہ پیرودہائی، وارث خان، ریس کورس، مورگاہ، گوجرخان، دھمیال، کلرسیداں، نیوٹاؤن اور سول لائنز کے علاقوں میں کی گئیں۔ متعلقہ پولیس حکام نے کہا کہ منشیات اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے والے افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔ (بقیہ نمبر 60)

پاکستان کو دوبارہ عروج وزوال کے معاشی چکر میں نہیں جانے دینگے

نجی شعبے کے سرمائے کو متحرک کرنا معاشی ترقی کیلئے اہم ہے، محمد اورنگزیب

پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اور نجکاری کے ذریعے سرمایہ کاری کا فروغ ممکن ہے

پائیدار معاشی استحکام کیلئے ڈھانچہ جاتی اصلاحات کے ایجنڈے پر عمل پیرا ہیں

اسلام آباد (اے ایف پی) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان کو دوبارہ عروج وزوال کے معاشی چکر میں نہیں جانے دیں گے۔ نجی شعبے کے سرمائے کو متحرک کرنا معاشی ترقی کیلئے اہم ہے، پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اور نجکاری کے ذریعے سرمایہ کاری کا فروغ ممکن ہے، پائیدار معاشی استحکام کیلئے ڈھانچہ جاتی اصلاحات کے ایجنڈے پر عمل پیرا ہیں۔ اسلام آباد میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ نجکاری کے عمل میں شفافیت، کارکردگی اور سرمایہ کاروں کے اعتماد کو ترجیح دی جائے گی، پی (بقیہ نمبر 41)

ایس ایس پی آپریشنز قاضی علی رضا کی زیرصدارت اجلاس

منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن مزید تیز کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا کی زیرصدارت اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایس ایس پی انویسٹیگیشن سلیمان ظفر، ایس پی کیپٹل پٹرول، زونل ایس پیز، سرکل ایس ڈی پی اوز اور تمام متعلقہ ایس ایچ اوز نے شرکت کی۔ اجلاس میں شہر میں امن وامان کی صورتحال، منشیات فروشوں کے خلاف جاری کریک ڈاؤن، تھانوں کی باقاعدہ انسپکشن، ایس آئی پی ایس پروٹوکول، ناکہ جات پر مؤثر چیکنگ، پٹرولنگ (بقیہ نمبر 42)

ایس ایس پی آپریشنز قاضی علی رضا کھلی کچہری کے دوران شہریوں کی شکایات سن رہے ہیں

ایس ایس پی آپریشنز کی کھلی کچہری، شہریوں کی شکایات سنیں

شہریوں کی جان، مال اور عزتِ نفس کا تحفظ مقدم ہے، قاضی علی رضا

اسلام آباد (این این آئی) ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کے مسائل کی فوری دادرسی یقینی بنانے کے لیے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ کھلی کچہری میں شہریوں نے اپنے مسائل اور شکایات پیش کیں، جنہیں ایس ایس پی آپریشنز نے تفصیل سے سنا اور ان کے فوری حل کے لیے متعلقہ افسران کو درخواستیں مارک کرتے ہوئے مقررہ وقت میں قانونی کارروائی کرکے رپورٹ پیش کرنے (بقیہ نمبر 43)

سابق وفاقی وزیر شیخ رشید احمد ریڑھی سے ناشتہ کررہے ہیں

فوڈ پانڈا رائیڈرز کیلئے روڈ سیفٹی ورکشاپ، ہیلمٹس بھی تقسیم

سی ٹی او اسلام آباد کائنات اظہر خان نے ورکشاپ میں خصوصی شرکت کی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ٹریفک پولیس کے زیراہتمام فوڈ پانڈا رائیڈرز کیلئے روڈ سیفٹی آگاہی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا جس کا مقصد رائیڈرز میں ٹریفک قوانین کی پابندی، محفوظ ڈرائیونگ اور روڈ سیفٹی سے متعلق شعور اجاگر کرنا تھا۔ چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد کائنات اظہر خان نے ورکشاپ میں خصوصی شرکت کی اور رائیڈرز سے ملاقات کی۔ اس موقع پر شرکا کو ٹریفک قوانین، محفوظ ڈرائیونگ کے اصولوں اور روڈ سیفٹی کے اہم اقدامات سے متعلق آگاہی فراہم کی گئی، جبکہ رائیڈرز میں ہیلمٹس بھی تقسیم کیے (بقیہ نمبر 44)

مورگاہ پولیس کی کارروائی، گھر میں چوری کرنے والا ملزم گرفتار

20 لاکھ سے زائد مالیت کا سامان برآمد، چوری کی متعدد وارداتوں کا انکشاف

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ مورگاہ پولیس نے گھر میں چوری کی واردات میں ملوث ملزم کو گرفتار کرکے اس کے قبضے سے 20 لاکھ روپے سے زائد مالیت کے طلائی زیورات، لیپ ٹاپ، نقدی اور دیگر مسروقہ سامان برآمد کرلیا۔ پولیس کے مطابق ملزم کی گرفتاری کے لیے ٹیکنیکل اور ہیومن انٹیلیجنس ذرائع استعمال کیے گئے۔ دورانِ تفتیش ملزم نے چوری کی متعدد وارداتوں کا انکشاف بھی کیا۔ ایس پی پوٹھوہار چوہدری اثر علی نے کہا کہ ملزم کو ٹھوس (بقیہ نمبر 45)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الٰہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

اے آئی جی لاجسٹکس عثمان طارق بٹ اے پی سی ضرب حیدر وین کا تفصیلی معائنہ کررہے ہیں

سابق سسر گھر میں داخل ہو کرماں سے بچہ چھین کر فرار

کراچی (آئی آئی پی) شہر قائد کے علاقے سرسید بلال کالونی نجی آبادی سیکٹر سیون سی میں سابق سسر گھر کے اندر گھس کر خاتون سے اس کا کمسن بیٹا چھین کر فرار ہوگیا۔ سائرہ نامی خاتون نے سرسید تھانے میں واقعے سے متعلق درخواست جمع کرادی تاہم پولیس کی جانب سے کوئی کارروائی عمل میں نہیں لائی جاسکی۔ خاتون کے مطابق وہ 3 بچوں کی ماہ ہے اور 8 سال قبل اس کی لطیف نامی شخص سے شادی ہوئی تھی جو کہ گزشتہ 3 سالوں (بقیہ نمبر 46)

گلیات ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے معطل شدہ 7 اہلکار بحال

تمام بحال ہونے والے ملازمین کو فوری طور پر اپنے اپنے عہدوں پر بلا تاخیر کام سنبھالنے کی ہدایت

ایبٹ آباد (این این آئی) گلیات ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے معطل شدہ 7 اہلکار بحال کر دیے گئے۔ انکوائری کمیٹی کی سفارشات اور مجاز اتھارٹی کی منظوری کے بعد معطلی کا آرڈر منسوخ کر دیا گیا، جی ڈی اے انکوائری کمیٹی نے تمام 7 اہلکاروں کی معطلی ختم کرنے کی سفارش کی تھی۔ ذرائع کے مطابق تمام بحال ہونے والے ملازمین کو فوری طور (بقیہ نمبر 47)

سندھ میں منکی پاکس کا ایک اور کیس رپورٹ، تعداد 41 تک پہنچ گئی

کراچی (آئی آئی پی) سندھ میں منی پاکس کے ایک اور کیس کی تشخیص ہوگئی جس کے بعد تصدیق شدہ کیسز کی تعداد 41 پہنچ گئی۔ اندرون سندھ کے 19 سالہ نوجوان میں ایم پاکس کی تشخیص ہوئی، متاثرہ مریض کو گزشتہ روز نیپا ہسپتال لایا گیا۔ جسم پر دانوں کی شکایت پر متاثرہ نوجوان کے سیمپلز ٹیسٹ کے لیے بھیجے گئے، پی سی آر ٹیسٹ میں ایم پاکس کی تصدیق ہوئی۔ متاثرہ مریض نیپا ہسپتال کے آئسولیشن وارڈ میں داخل ہے۔ رواں سال منکی (بقیہ نمبر 48)

اسلام آباد پولیس کا گرینڈ سرچ اینڈ کومبنگ آپریشنز

جانچ پڑتال کیلئے 6 مشتبہ افراد اور 9 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانوں منتقل

اسلام آباد (این این آئی) انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر وفاقی دارالحکومت میں جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کے لیے مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اینڈ کومبنگ آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے۔ زونل ایس پیز کی زیرنگرانی کیے گئے سرچ آپریشنز کے دوران 194 افراد، 68 گھروں، 6 دکانوں، 89 موٹر سائیکلوں اور 30 گاڑیوں کو چیک کیا گیا، جبکہ جانچ پڑتال کیلئے (بقیہ نمبر 49)

محمدانی گینگ کیخلاف پولیس کا بکتر بند گاڑیوں کے ساتھ بڑا آپریشن

تھانہ بخشاپور کی حدود میں سرچ اینڈ ریڈ آپریشن جاری، ملزمان کی ممکنہ پناہ گاہیں اور ٹھکانے مسمار

ایس ایس پی کشمور کی ہدایات پر بھاری نفری کی تعیناتی، ملزمان کی گرفتاری اور پائیدار امن تک آپریشن بلاتعطل جاری رکھنے کا اعلان

کشمور: (سید رشید احمد شاہ) کشمور غلام مرتضیٰ بنگوار قتل کیس میں ملوث ملزمان کی گرفتاری کے لیے پولیس کا سرچ اینڈ ریڈ آپریشن، بھاری نفری اور بکتر بند گاڑیوں کے ساتھ مختلف علاقوں میں کارروائیاں کشمور: ایس ایس پی کشمور محمد مراد گھانگرو کی خصوصی ہدایات پر تھانہ بخشاپور کی حدود میں غلام مرتضیٰ بنگوار کے قتل میں ملوث مبینہ محمدانی گینگ کے ملزمان کی گرفتاری کے لیے کشمور پولیس کا سرچ اینڈ ریڈ آپریشن جاری ہے۔ پولیس ترجمان کے مطابق تین روز قبل محمدانی گینگ کے مسلح افراد (بقیہ نمبر 50)

قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر کی قبائلی وسیاسی رہنما حاجی سرور خان باز کی سے ملاقات

گومل یونیورسٹی سے ملحقہ نجی کالجز کے ریکارڈ میں بے ضابطگیاں

مشکوک تعلیمی ریکارڈ کے حامل گریجویٹس کی اہلیت جانچنے کیلئے تصدیقی ٹیسٹ لیا جائے

ڈی آئی خان: (اے ایف پی) ڈیرہ اسماعیل خان کی گومل یونیورسٹی سے ملحقہ نجی کالجز کے ریکارڈ میں بے ضابطگیوں کا انکشاف سامنے آیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ہائیر ایجوکیشن اتھارٹی نے نجی کالجز کی جائزہ اور فزیکل انسپکشن میں تعلیمی ریکارڈ میں خامیوں کی (بقیہ نمبر 52)

تیسرا نکاح کرنے پر شوہر دوسری بیوی کے ہاتھوں قتل

سرگودھا (آئی آئی پی) سرگودھا میں تیسری شادی کرنے پر شوہر دوسری بیوی کے ہاتھوں قتل ہوگیا، قتل کرنے کے بعد خاتون نے بھی زندگی کا خاتمہ کرلیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ سرگودھا کے نواحی علاقے کوٹ مومن میں ایک گھر سے میاں بیوی کی لاشیں ملنے کا واقعہ پیش آیا ہے۔ ترجمان ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر (DPO) کا کہنا ہے کہ واقعے کی ابتدائی تحقیقات مکمل کر لی گئی ہیں۔ پولیس کے مطابق (بقیہ نمبر 51)

او جی ڈی سی ایل کی بوبی آئل فیلڈ میں بڑی کامیابی

بوبی آئل فیلڈ سے تقریباً 1 ہزار بیرل یومیہ تیل دریافت کیا گیا

سانگھڑ (آئی آئی پی) آئل اینڈ گیس ڈیولپمنٹ کمپنی) او جی ڈی سی ایل (نے بوبی آئل فیلڈ میں نئے ترقیاتی کنویں بوبی 11- سے کامیابی کا اعلان کردیا۔ او جی ڈی سی ایل کا کہنا ہے کہ بوبی آئل فیلڈ سے تقریباً 1 ہزار بیرل یومیہ تیل دریافت کیا گیا، بوبی 11- کنویں سے 1.0 ایم ایم ایس سی ایف ڈی قدرتی گیس کی پیداوار متوقع ہے۔ بوبی آئل فیلڈ او جی ڈی سی ایل کی 100 فیصد ملکیت ہے۔ بوبی 11- کی کامیابی سے علاقے میں تیل (بقیہ نمبر 53)

سی ایس ایس امتحان، عمر کی حد 35 سال کرنے اور 5 مواقع دینے کی سفارش مسترد

اسلام آباد (آئی آئی پی) سی ایس ایس امتحان کے لیے عمر کی بالائی حد اور شرکت کے مواقع بڑھانے کی سفارش مسترد کردی گئی۔ اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے سی ایس ایس امتحان کے لیے موجودہ 30 سال کی عمر کی حد برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ قائمہ کمیٹی کی ذیلی کمیٹی نے سی ایس ایس امتحان میں شرکت کی زیادہ سے زیادہ عمر 30 سے بڑھا کر 35 سال کرنے کی سفارش کی تھی۔ قائمہ کمیٹی کا بینہ سیکرٹریٹ نے امتحان میں شرکت کے مواقع 3 سے (بقیہ نمبر 54)

لاہور: سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان کلینکس 26 کے میڈیکل کالجز کے مقابلے میں نمایاں کارکردگی دکھانے والے طالب علم کو رائی دے رہے ہیں

جون 2027 تک پیٹرول کی قیمتیں ڈی ریگولیٹ کرنے کا ہدف مقرر

اجلاس میں ڈیزل کی قیمتوں میں بڑے جھٹکوں سے نمٹنے کیلئے قواعد وضع کرنے کا فیصلہ بھی کیا گیا

اس نظام کے تحت روزانہ قیمتوں میں ردوبدل کیا جائے گا اور ہدف جون 2027ء تک اس عمل کو مکمل کرنا ہے

اسلام آباد (اے ایف پی) حکومت نے جون 2027 تک پیٹرول کی قیمتیں ڈی ریگولیٹ کرنے کا ہدف مقرر کردیا۔ پیٹرولیم پرائسنگ کمیٹی کے اجلاس میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے نظام میں بڑی اصلاحات کی تیاری کا فیصلہ کیا گیا اور قیمتوں کا فارمولہ مارکیٹ سے منسلک کرنے کی تجویز پیش کی گئی۔ اجلاس میں ڈیزل کی قیمتوں میں بڑے جھٹکوں سے نمٹنے کیلئے قواعد وضع کرنے کا فیصلہ بھی کیا گیا، اور نرخ کے اتار چڑھاؤ سے صارفین کو تحفظ دینے پر زور دیا گیا۔ پیٹرولیم پرائسنگ کمیٹی (بقیہ نمبر 55)

خیبر پختونخوا کا ٹرانسپورٹ نظام بحران کا شکار ہے

محکمہ ٹرانسپورٹ کے حوالے سے دستاویز میں سنگین انکشافات سامنے آگئے

(اے ایف پی) خیبر پختونخوا کا ٹرانسپورٹ نظام بحران کا شکار ہے، محکمہ ٹرانسپورٹ کے حوالے سے دستاویز میں سنگین انکشافات سامنے آگئے۔ دستاویز کے مطابق محکمہ ٹرانسپورٹ میں بدانتظامی عروج پر ہے جبکہ جدید منصوبہ بندی اور جامع ڈیٹا کا فقدان ہے۔ دستاویز میں خیبر پختونخوا کے محکمہ ٹرانسپورٹ کے ذیلی اداروں کے درمیان کوارڈینیشن نہ ہونے کا انکشاف کیا گیا ہے۔ پراونشل ٹرانسپورٹ اتھارٹی، ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی، خیبر پختونخوا اربن موبیلٹی اتھارٹی اور ٹرانسپورٹ ڈائریکٹوریٹ کے درمیان رابطوں کا فقدان ہے۔ دستاویز کے مطابق روٹ پرمٹ کی ضرورت اور جاری کرنے کی گنجائش سے متعلق منظم (بقیہ نمبر 56)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف 5000/- روپے می